پرماتما کی جہاں صفات بیشمار ہیں - وہاں اُس کے ناموں کی تعداد بھی مُعیّن و محدود نہیں اور کیونکر ہو جبکہ وہ بذاتہ انت یعنی لامحدود ہے ـ تو اُس کی صفات و نام بھی کیونکر محدود ہو سکتے ہیں ـ انسان سے اُس کی تعریف محال اور زبان ناطقہ لال ہے - مگر بمقابلہ دیگر اسمار الٰہی اوم کو وہ شرف خاص حاصل ہے جو اسمار دیگر کو نہیں ـ کیونکہ آدم کا تعلق اپنے مشار الیہ سے طبعی اور ذاتی اور باپ بیٹے کی طرح حقیقی ہے ـ شاہزادہ محمد داراشکوہ نے اپنی کتاب سرّ اکبر ترجمہ اُپنشد میں اِس نام کی فضیلت و بزرگی کو قطعی طور پہ تسلیم کر لیا ہے - بلکہ بحُسنِ عقیدت اپنے جواہرات و اسلحہ تک پہ یہ نام کندہ کرا دیا تھا ـ

شری سوامی دیانندجی سرسوتی سے فاضل اجل نے بمقام کانپور میدان پریڈ پہ چھ یوم تک روزانہ اسی لفظ آدم پہ دیا کھیان دیئے اور آخر میں یہ فرمایا کہ میں ابھی کماحقہٗ تعریف اس نام کی بیان نہیں کر سکا

اور تمام رشی منی اور سب وید و شاستر اسی نام کی مہما گاتے جاتے ہیں۔ کسی دوسری زبان میں اس کے مقابل لفظ ملنا غیر ممکن اور باعتبار جامعیت یہ آپ ہی اپنی نظیر ہے۔ الغرض یہ ایک ایسا جامع و مانع لفظ ہے جس کی توصیف قدرت بیان و حیطۂ امکان سے خارج ہے۔ واقعی دریا کوزہ میں بند ہے۔ خاموشی از ثنائے تو حد ثنائے تست

اس لفظ آدم کی تشریح میں بھی **جناب پنڈت شیو شنکر جی کاویہ تیرتھ** نے ایک کتاب موسوم بہ **اونکار نرنے** آریہ بھاشا میں لکھی ہے۔ جو بہت قدرشناسی و مقبولیت کی نظر سے دیکھی گئی۔ راقم نے ترجمہ اُسکا صرف اسی خیال سے کہ اردو دان اصحاب بھی اُس کے لطف سے محروم نہ رہیں سلیس و عام فہم اردو میں کیا ہے۔ تاکہ سمجھنا اُسکا خاص و عام کو یکساں و آسان ہو جائے۔ جہاں قواعد صرف و نحو کے متعلق بحث تھی۔ اُس کو حتی الامکان قلم انداز کیا گیا۔ کیونکہ اول تو سنسکرت کے نحوی مصطلحات کے لئے اردو زبان میں الفاظ موجود نہیں دوم اردو دان صاحبوں کو اُس میں کچھ لُطف بھی نہ آتا۔

چونکہ ترجمہ اس کتاب کا ماہ اپریل یعنے موسم بہار میں کیا گیا۔ جیسے کہ سعدی شیرازی نے کتاب گلستاں فصل بہار میں تصنیف کی تھی۔ لہٰذا مترجم نے ایک شعر اپنا طبعزاد مناسب وقت سمجھ کر بطریق یادگار درج کر دیا۔ وھو ھذا

کونپلیں نکلیں درختوں میں ہے آغاز بہار بُلبلیں پڑھتی گلستاں کا ہیں باب اول

(مترجم)

پہلا باب

(سوال) ویدوں میں کہیں لفظ آوم نہیں پس کیونکر تسلیم کیا جائے کہ پرماتما کا سب سے اُتّم نام یہہ ہے۔

(جواب) یجرُوید کے چالیسویں ادھیائے میں صاف طور پر لفظ آوم آیا ہے۔ پس یہ شبہ تمہارا صحیح نہیں۔

(سوال) یجرُ وید کے چالیسویں ادھیائے کو عالم لوگ اُپ نشدوں میں ہی شمار کرتے ہیں۔ اُن کا قول ہے کہ تمام یجرُوید کے منتروں کا وِنیوگ ہر ایک جگہ کیا گیا ہے۔ مگر اِس ادھیائے کا ونیوگ کسی کتاب میں مذکور نہیں۔ اور جس کا ونیوگ نہیں وہ وید نہیں۔ پس ہم اُس کو وید نہیں کہہ سکتے۔ اِس ادھیائے کو چھوڑ کر دوسرے مقامات سے لفظ آوم کا حوالہ بیان کیجئے

(جواب) ایسا سمجھنا ٹھیک نہیں کیونکہ یہ کوئی قاعدہ کُلیہ نہیں ہے کہ تمام وید منتروں کا ہی ونیوگ ہو جن منتروں کا ونیوگ پایا بھی جاتا ہے وہ اُن وید منتروں کا ہے جو کرم کانڈ کے متعلق ہیں۔ یہ ادھیائے برہم وِدّیا کے متعلق ہے۔ لہٰذا اِس قاعدہ سے مستثنےٰ ہے۔ قطع نظر اِس کے اور ثبوت بھی ہیں جیسے کہ رگوید کے اس منتر کے رُو سے پایا جاتا ہے

اپنی کتاب نروکت میں کئی آچاریوں کے مسلمات کو ظاہر کرتے ہیں :- ۱ے

اس منتر میں جو لفظ اکشر آیا ہے اُس کے کیا معنی ہیں؟ یہ کون سا اکشر ہے؟ اس شُبہ کی وجہ سے شاک پونی آچاریہ کہتے ہیں کہ اوم کلام ہے۔ یعنی منتر میں جو لفظ اکشر آیا ہے۔ وہ لفظ اوم کا مُرادف ہے۔

(سوال) اس میں صاف طور پر تو لفظ اونکار نہیں آیا پھر شاک پونی آچاریہ کے قول کو ہم کیونکر تسلیم کرلیں۔ اور جبکہ نروکت میں ہی تین آچاریہ تین طرح کے معنے بیان کرتے ہیں۔ تب اور زیادہ شُبہ ہوتا ہے۔ پس کوئی اور ثبوت پیش کیجئے۔

(جواب) قطع نظر دیگر امور کے یہ بات تو ضرور ثابت ہے کہ یاسک آچاریہ کے زمانہ کے قبل بھی اسکا رواج تھا۔ کیونکہ وہ شاک پونی آچاریہ کا ویاکھیان (تشریح) اپنی کتاب میں لکھتے ہیں۔ پس شاک پونی اُن کے نزدیک قدیم ہیں۔

(سوال) ویدوں کے مطالعہ سے ہم کو ایسا معلوم ہوا کہ اگنی۔ وایو۔ اندر۔ سوریہ۔ یم۔ اریما۔ مرت وغیرہ ہی برہم کے نام ہیں

۱ے कतमत् तदेतदक्षरम्? ओमित्येषा वागिति शाकपूणिः निरु० अ० १३।१०॥

اونکار نہیں - کیونکہ چاروں ویدوں میں اسکا کہیں پتہ نہیں
ملتا - رگوید لفظ اگنی سے یجروید لفظ ایش سے سام وید لفظ
اگنی سے اور اتھرو وید لفظ شنّو سے شروع ہوتا ہے - اگر
برہم کا سب سے افضل و عزیز نام یہ ہوتا تو ویدوں کے
آغاز میں ہی ضرور ہوتا -

(جواب) یہ سراسر آپ کی غلط فہمی ہے - دیکھئے مندرجہ ذیل
منتر میں پوشیدہ طور سے لفظ اوم موجود ہے - اس منتر
میں جو لفظ ویومن آیا ہے - اس کے وی - اوم - ان تین
حصہ ہیں وی اور ان الفاظ کے درمیان لفظ اوم موجود
ہے - اب اس پورے منتر کے معنے سن لیجئے :- کہ

"پرمیشور مادہ - جیو آتما غیر فانی و قدیم ہیں - ان تینوں میں تمام
موجودات شمس و قمر گرہ اور پنچتر وغیرہ معہ پران و جملہ حواس
کے محیط ہیں - جو اس ویومن پرماتما - جیو - پرکرتی کو نہیں جانتا
وہ رگوید کی رچا سے کیا کرسکتا ہے جو عالم لوگ ان تینوں
کو جانتے ہیں - وہی اپنی زندگی کو دنیا میں اچھی طرح سے
بسر کرتے ہیں اور انجام کو برہم تک پہنچتے ہیں" -

مادہ - روح اور برھم یہ تینوں قدیم اور ازلی ہیں - ان کو
فنا نہیں ہوتی - اور یہ تینوں ہی علت ہائے اولین ہیں - اسی

ऋचो अक्षरे परमे व्योमन् इत्यादि ॥

وجہ سے ان کو پرم کہا گیا ہے۔ بلکہ برمحہ ہیں تو یہ ساری کائنات ہی موجود ہے جس کی علت مادہ ہے۔ روح کے ذریعہ سے حواس معہ پران سب کام کر سکتے ہیں۔ اسی سبب سے کہا گیا ہے۔ کہ ان تینوں میں ہی کل اجرام فلکی کا قیام ہے۔ وید ان تینوں ہی کا بیان کرتے ہیں۔ اس نظر سے ویدوں کے واقعی طور پر یہی تین اعلیٰ درجہ کے اصول مسلمہ ہیں۔ جو ان تینوں کو نہیں جانتا۔ وہ نفس الامر میں ویدوں سے نابلد محض ہے۔ صرف وید منتروں کو حفظ یاد کر لینے سے کیا فایدہ ہو سکتا ہے۔ جس طرح پرماتما کل کائنات میں چھپا ہوا موجود ہے۔ اُسی طرح یہاں بھی ووی اور آن الفاظ کے بیچ میں لفظ اوم ایشور کا مرادف جلوہ گر ہے۔ اُپ نشدوں میں ایسا کہا گیا ہے لہ

"وہ عالم الغیب پرماتما سب کے دلوں میں جلوہ گر ہے"۔

(سوال) ووی اور آن الفاظ کے معنے روح و مادہ کے کس طرح پر ہو سکتے ہیں

(جواب) حسب قاعدہ صرف و نحو آن کے معنے جیو کے اور لفظ ووی کے معنے پرکرتی یعنے مادہ کے ہوتے ہیں۔ پس

لہ अदृश्यमान: पुरुषो ऽन्तरात्मा सदा जनानां हृदये सन्निविष्टः॥ कठ २।१६॥

لفظ ویوَمن میں جو تین الفاظ وی۔ آن۔ آوم ہیں۔ اِن
کے پرماتما جیوآتما اور مادہ کے بغیر اور کوئی معنے نہیں ہوسکتے
اور یہی تین چیزیں تمام کائنات میں دایرہ وسایر نظر آرہی
ہیں۔ اور منتر بھی انہیں تین چیزوں کا بیان کرتا ہے
اور تین حصوں پر منقسم ہے۔ یاسکاآچاریہ نے بھی ایسا
ہی مانا ہے۔ یہ بھی آپ پر واضح رہے کہ لفظ ویوَمن
کے صیغہ جات محذوف ہیں۔ جہاں جہاں ویدوں میں یہ
لفظ آیا ہے۔ وہاں وہاں آپ محذوف ہی پائیں گے۔
ویدوں کے مضامین بہت ادق اور لطیف ہیں۔ لاکھوں
آدمیوں میں کوئی ایک جان سکتا ہے۔ پس یہ کہنا کہ
ویدوں میں لفظ اوم نہیں ہے۔ ٹھیک نہیں۔ جس طرح
پرکرتی اور پُرش کے بیچ میں برھم موجود ہے۔ مگر کسی
کو نظر نہیں آتا۔ اسیطرح لفظ اوم سب ویدوں میں موجود
ہے۔ مگر . . . . دکھائی نہیں دیتا۔

(سوال) بظاہر تو ویدوں میں لفظ اونکار کا موجود ہونا پایا
نہیں جاتا۔

(جواب) ؎ "پہلے یوں سمجھئے کہ مدعا سا ایک لفظ ہے۔ جو دو الفاظ

؎ ओमासश्चर्षणीधृतो विश्वे देवास आगत।
दाश्वांसो दाशुषः सुतम्। ऋग्वेद मण्डल १। ३।६

سے مُرکّب ہے۔ اوم اور آتمہ سے۔ اوّم نام برمھ کا ہے۔ آتمہ کے معنے مقابل۔ بیٹھنے والے برمھ گیانی کے ہیں۔

پُورے منتر کا ترجمہ حسب ذیل ہے:-

"اے تمام عالمو! میرے گھر عُمدہ عُمدہ مختلف اقسام کے کھانے کھانے کے لئے آپ لوگ آئیں۔ آپ برمھ کے قریب بیٹھنے والے یعنے مقربانِ الٰہی اور عارف باللہ ہیں۔ پس میرے گھر میں آپ قدم رنجہ کریں۔ (اور پھر آپ کیسے ہیں) مخلوق کی حفاظت و پرورش کرنیوالے بھی ہیں۔ مجھ کو بھی اُپدیش سے مُشرف کریں"۔ دیکھئے یہاں لفظ اوم علانیہ موجود ہے۔ ۱ے

ترجمہ"۔ نہایت چنچل من محیط کل برمھ کی سیوا کرے اور پرمیشور میرے اِس یگیہ کو بلا کسی خرخشہ و فتور کے انجام کو پہنچائے۔ اور وہ پرمیشور میرے اِس یگیہ کی بخوبی حفاظت کرے اور تمام مہمان جو شریک یگیہ کے ہُوئے ہیں۔ وہ اِس یگیہ کی خوشی کا لُطف اُٹھائیں۔ ہے اوم! آپ میرے دِل میں جلوہ گر ہوں"۔

دیکھو اِس منتر میں بھی صاف صاف لفظ اوم آیا ہے۔

۱ے मनो ज़ूति र्ज़ुषता माज्यस्य । बृहस्पतिर्यज्ञमिमं तनोत्वरिष्टम् । यज्ञं समिमं दधातु । मादयन्ता । ओ३म् प्रतिष्ठ ॥ यजुः । २ । १३ ॥

(سوال) کیا یہی معنے اور لوگوں نے بھی کئے ہیں۔

(جواب) یہہ سوال خارج از بحث ہے۔ امر متنازعہ صرف یہ ہے۔ کہ جو معنے ہم نے لکھے ہیں آیا وہ از روئے قاعدہ دیاکرن صحیح اور مُدلّل و معقول ہیں یا نہیں۔ گو منتر کے متعدد معنی ہو سکتے ہیں۔ یاسکاچاریہ وغیرہ مُفسّرین نے کسی کسی منتر کے متعدد معنی لکھے ہیں۔ اِس لئے اس منتر کے معنے غور طلب ہیں۔

یہ جو آپ کا خیال ہے کہ اگنی۔ وایو۔ اِندر وغیرہ ہی برہم کے نام ہیں اور ویدوں سے ایسا ہی ظاہر ہوتا ہے۔ یہ شُبہ ویدوں کی عدم واقفیت کی وجہ سے آپ کو ہُوا ہے۔ ویدوں کے جتنے منتر ہیں اُن سے دوچند اوم شبد آیا ہے۔ مہرشی پاننی جی کا قول ہے:۔ [1]

جب ویدک منتر یگیہ میں پڑھے جائیں گے تو کس طریق سے پڑھے جائینگے؟ اِسکا جواب یہ ہے کہ ہر ایک منتر کے ٹی (   ) کی جگہ لفظ اوم ہو جایئگا۔ ٹی ویاکرن کی ایک اصطلاح ہے۔ آخری "سور ورن" ٹی کہلاتا ہے۔ اگر اُس آخری "سور ورن" کے آگے "ویجن ورن" بھی ہو تو

[1] मणवद्दे: ८।२।८९ ।। यज्ञकर्मणि टेरोमित्यादेश : स्यात्। अपां रेतांसि जिन्वतोम्।२।।

دونوں ٹی کہلائیں گے۔ جیسے کہ :-

"अपो रेतांसि जिन्वति"

یہ وید کا منتر ہے اس کے آخری سور ورن ٹی (ति) میں اکار آخری سور ہے۔ اس لئے اکار کا قائمقام اوم ہوجائیگا۔ یعنی جنوتی (जिन्वति) کی جگہ जिन्वतोम ہوجائیگا۔ اسی طرح

अग्निमीळे पुरोहितं यज्ञस्य देवमृत्विजम।
होतारं रत्न धातमम। ऋग्वेद १।१।१॥

اس منتر میں آخری سور دھاتمم (धातमम) کے مکار میں اکار ہے۔ اور اس اکار سے پرے ویّنجن ورن مکار ہے۔ ان دونوں کی جگہ اوم آدیش ہوجائیگا یعنی रत्नधातमम اس کے بجائے रत्नधातमोम ہوجائیگا۔ اسی طرح جتنے منتر وید کے ہیں ان کی آخری ٹی اوم ہی ہے۔ اس سے ثابت ہوا کہ وید کے جتنے منتر ہیں اتنی دفعہ اونکار شبد کا پاٹھ اخیر میں ہے۔ اس سے یہ بھی ظاہر ہے کہ یہ اونکار منتر کے اندر شامل ہے۔ منتر سے علیحدہ نہیں۔ یعنی اوم شبد منتر کے خاتمہ پر ایزاد نہیں کیا جاتا بلکہ ہرایک منتر کی جو آخری ٹی ہے۔ وہ عین اوم ہے۔

(سوال) ویدوں میں بسپشٹ تو لفظ اوم نظر نہیں آتا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جس وقت یگیہ کا رواج عام تھا۔

اُس زمانہ میں یگیہ کرنیوالوں نے ویدوں کا اسی طرح پڑھنا شروع کیا ہوگا۔ اُس کے بعد پانینی جی نے بھی اُسی کے موافق قاعدہ صرف و نحو بنا دیا۔

جواب؛ ایسا کہنا ٹھیک نہیں کیونکہ یگیہ کرنیوالے اشخاص وید منتروں میں کوئی لفظ مِلا نہیں سکتے۔ ہاں یہ ہوسکتا ہے کہ منتروں کے علاوہ دیگر لفظوں کو اوپر سے جوڑ جاڑ کر گا سکتے ہیں مگر کوئی لفظ مِلا نہیں سکتے۔ جس طرح آجکل تُلسی داس جی کی رامائین کو جب لوگ گاتے ہیں۔ تو رام بھج راما۔ جے جے رام ہرے وغیرہ الفاظ وقفہ و سکون کے لئے جوڑ کر گاتے ہیں۔ مگر کسی چوپائی یا دوہے کے کسی لفظ کو مٹا کر بجائے اُس کے رام بھجو وغیرہ الفاظ لگا کر نہیں گاتے ہیں۔ اسی طرح ویدوں کے حروف مٹا کر بجائے اُس کے لفظ اوم اضافہ نہیں کر دیتے ہیں۔ اِس سے یہ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ لفظ اوم وید کا ایک جزو ہی ہے۔ اسکو اچھی طرح سمجھو کہ الہام ربّانی کو کوئی شخص دوسری طرح نہیں بدل سکتا۔ لہٰذا لفظ اوم کا اُپدیش وید کے ساتھ کیا گیا اور قدیم قاعدہ یہی ہے۔ جس طرح ہمیشہ سے دستور چلا آتا ہے اور قاعدہ کلیہ ہے۔ اس سبب سے اوم منتروں کے اخیر میں لکھا نہیں رہتا۔ طالب علم کو ایک بار سمجھا دیا جاتا ہے کہ وید کے ہر ایک منتر کی ٹی کو اوم جانو بار بار

لکھنے کہنے کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ یہ عام قاعدہ ہے
بچوں کو تعلیم کے وقت اِس کی چنداں ضرورت بھی نہیں
ہوتی۔ اُن کو پہلے منتروں کا پڑھنا بعدہٗ اُن کے معنے اور
پھر ویدوں کے مقصد اصلی کو سمجھنا چاہیئے۔

(سوال) یہ امر تو ثابت ہوگیا کہ جتنے منتر ہیں اُن سب
میں اونکار لفظ موجود ہے مگر اب مہربانی کرکے یہ بتلائے
کہ ویدوں کے جب ارتھ کئے جاتے ہیں۔ تو لفظ اوم
کا کچھ ترجمہ نہیں کرتے۔ پس اس سے معلوم ہوتا ہے
کہ لفظ اوم بے معنی ہے۔

(جواب) اِس کا مطلب دقیق ہے۔ وید کا اصلی منشا برہم
سے متعلق ہے۔ کسی اور سے نہیں۔ اس مضمون ادق
کے منشاء کو ظاہر کرنے کی غرض سے منتر کے انجام میں
لفظ اوم ہوتا ہے۔ اسی مطلب کو کرشن دو ڈُیپائن
وید ویاس نے اپنے ویدانت سوتر میں بیان کیا ہے۔ دیکھو[۱]
"وہی برہم کل دیوتاؤں کا مبحث فیہ ہے"۔ یعنی اُسی
برہم کو وید گاتا ہے۔ کیونکہ جس طرح ایشور کا تعلق کل
کائنات سے ہے۔ اُسی طرح تمام وید منتروں سے علانیہ

---

۱ तत्तु समन्वयात् ॥
वेदान्त ।३।अ०।१। पा०।१।

قدیم سے ہے۔ اِس لئے صاف طور پر قدیم سے تمام
...وں کا مطلب اُسی برمحہ سے ہے۔ اِس خیال کے
...ر کرتے کی یہہ ترکیب قدیم سے چلی آتی ہے۔ پس
...ں کا یہ کہنا کہ ویدوں میں لفظ اوم نہیں صرف وہم ہی
ہے۔

(سوال)۔ اوم کو ہر ایک وید منتر کے خاتمہ پر ہی پڑھنا
چاہیئے۔ یا کہ شروع میں ہی۔

(جواب) منتروں کے شروع میں بھی اس لفظ کو پڑھنا
چاہیئے۔ جیسا کہ منوجی کی ہدایت سے یہ ظاہر ہے:۔[1]
ترجمہ۔ "وید کے آغاز و انجام میں اوم پڑھنا چاہیئے۔ اگر
نہ کیا جائے۔ تو یہ ایک دوش ہے۔ وہ یہہ کہ منتر
پڑھنے سے پیشتر اوم نہ کہا جائے۔ تو اُس کا پھل
...ج جاتا رہتا ہے۔ اور اگر اخیر میں نہ کہا جائے تو
...کی تسکین دلی نہیں ہوتی" الغرض وید منتر کے اول و
...میں لفظ اوم کا پڑھنا بہت ضروری ہے۔ مہرشی
...جی کا قول ہے:۔[2]

---

1. ब्रह्मणः प्रणवं कुर्यादादावन्ते च सर्वदा । स्रव...
...कृतं पूर्वं परस्ताच्च विशीर्यते ॥ मनु० २।...
2. ओम् व्याख्याने ॥ ओम् शब्दस्य स्मृतः इत्यादि

منتر کے شروع میں ادم کا تلفظ پلُت یعنی الف ممدودہ کی آواز سے ہوتا ہے۔ یعنی جب کبھی یہ لفظ کسی منتر کے شروع میں پڑھا جائیگا۔ تو لفظ ادم کا الف ممدودہ ہو جائیگا۔ پلُت تین ماتر والا ہوتا ہے اسی سبب سے لفظ اُو کے بعد ۳ کا ہندسہ لکھتے ہیں۔ اب آپ دل میں غور کریں۔ کہ منو اور پانن کب ہوئے؟ جب ہی لوگ اِس قاعدہ کو مانتے چلے آتے ہیں۔ تو پھر اِس میں کیونکر شُبہ ہوسکتا ہے۔ دھرم شاستر کے متعلق تو یہ اشتباہ ممکن ہے کہ کسی سمپردائی نے اس شلوک کو ملا دیا ہو۔ مگر صرف ونحو میں ایسے شُبہ کی گنجایش محالات سے ہے۔ اس سے یہ ثابت ہُوا کہ ویدوں میں جتنے منتر ہیں اُن سے دوچند لفظ ادم ہے۔ اور بمقابلہ اندر وغیرہ الفاظ کے لفظ اُوم ہی زیادہ تر ہے۔

(سوال) کیا سام وید میں بھی لفظ ادم کی عظمت بیان کی گئی ہے۔

(جواب) بیشک آپ بغور دیکھیں سام وید کا گانا پانچ حصص پر منقسم ہے۔ اُن کے نام حسب ذیل ہیں۔ ہنکار۔ پرستاد اودگیتہ۔ پرتیہار۔ ندھن۔ قسم اودگیتہ میں اونکار کی ہی عظمت گائی جاتی ہے۔ اور ان پانچوں اقسام موسیقی کی ہدایت ویدوں میں پائی جاتی ہے۔ دیکھو جیساکہ اتھروید کے مندرجہ ذیل منتر سے ثابت ہے،

رجمہ۔ ’’اُس پرمحد کی عظمت و بزرگی ظاہر کرنے کے لیے
ادہ ہوکر آفتاب ہنکار سام کا انوشٹھان کرتا ہے۔
لے الصباح کا طلوع ہُوا آفتاب پرستاد گاتا ہے۔ دوپہر
سورج اودگیتھ کا گیت گاتا ہے۔ تیسرے پہر کا آفتاب
تی ہار گاتا ہے۔ اور غروب ہوتا ہُوا آفتاب گویا ندھن کا
نشٹھان کرتا ہے‘‘۔ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ قدیم
ے ہنکار پرستاد اودگیتھ پرتی ہار اور ندھن کا سلسلہ
آتا ہے۔ اور یہی عزیز نام ایشور کا ہے۔ اور وید
ے جتنے منتر ہیں۔ اُن سے دو چند لفظ اوم ہے کیونکہ
روع و آخر منتر میں یہی لفظ پڑھا جاتا ہے۔ اور کوئی
ظ نہیں۔

ل तस्मा उद्यन् सूर्यो हिङ्करोति। सङ्गवः
प्रस्तौति ॥ ४ ॥ मध्यन्दिन उद्गायति। अप्
...ह्नः प्रतिहरति। अस्ते यन्निधनम्। अथर्व
कां० । ९ । सू० ६ । मं० ४६ ॥

باب دوم

برہمن گرنتھوں میں اوم کی مہما

جن کا یہ خیال ہے ۔ کہ برہمن گرنتھوں میں بھی اوم شبد کا خاص طور پہ بیان نہیں ہے ۔ اسکا جواب یہ ہے کہ چاروں ویدوں کے چار برہمن ہیں ۔ رگوید کا ایتریہ برہمن ۔ یجروید کا شت پتھ برہمن ۔ اتھروید کا تانڈیہ برہمن ۔ اور سام وید کا گوپتھ برہمن ۔ باب اول میں ہم ثابت کر چکے ہیں کہ ویدوں کے جتنے منتر ہیں اُن سے دوچند اونکار شبد کا پاٹھ اُن میں موجود ہے ۔ اب ویدوں کی تفاسیر برہمن گرنتھوں میں اس شبد کو جس وقعت اور عزت کی نگاہ سے دیکھا گیا ہے ۔ اُسکا بیان مختصر طور پہ لکھتے ہیں ایتریہ[ط] برہمن میں مرقوم ہے کہ " تین وید رگ وید سے مراد ترئی ودیا

ط

त्रयो वेदा अजायन्त। ऋग्वेद एवाग्ने रजायत। यजुर्वेदो वायोः सामवेद आदित्यात्। तान्वेदान- भ्यतपत्। ॥ इत्यादि ॥ ऐत॰ पंचम पंचिका। ख॰ ३२

ے ہے اِس لیے اِس سے چاروں وید سمجھنے چاہئیں۔

اس طرح) نازل ہوئے - اگنی رشی پر رگوید - وایو رشی پر یجر وید آدتیہ رشی پر سام وید - اِس طرح ان ویدوں کو برہم پرمیشور نے پرکاشت اظاہر کیا - اِن کے پرکاش ہونے پر تین لوک پرکاشت ہوئے - رگوید ہی سے بھولوک پرکاشت ہوا - یجروید سے ہی بھوہ (انترکش لوک) سام وید سے سوہ (دیولوک) پرکاشت ہوا -

اِس کا مطلب یہ ہے کہ ابتداء میں بھولوک بھوہ لوک - سوہ لوک کی نسبت کچھ علم نہ تھا - جب ویدوں کا ظہور ہوا اُس وقت سے اِن تینوں لوکوں کے پدارتھوں کو لوگ جاننے لگے - اِس سے پہلے یہ تینوں لوک گویا نا معلوم تھے - کیونکہ جس شے کی نسبت ہم کو کچھ علم نہ ہو اُس کا عدم وجود ہمارے نزدیک یکساں ہے - گویا ہمارے نزدیک اُس کی پیدائش ہی نہیں ہوئی - ویدوں کے ظہور کے بعد ہی خلقت کے باب میں لوگوں کو علم ہوا - اِس لئے کہا گیا ہے کہ ویدوں سے تین لوک پیدا (ظاہر) ہوئے - یہ بھی جاننا چاہیئے کہ بھولوک کے پدارتھوں (اشیاء ارضی) کا بیان خاص طور پر رگوید میں ہی انترکش کے پدارتھوں کا یجروید میں اور دیو لوک کے پدارتھوں کا سام وید میں اِس لئے یہ کہا گیا ہے کہ رگوید سے بھولوک یجر سے بھوہ لوک اور سام وید

سے سوہ لوک ہوئے ۔

ویدک اصطلاح میں بھوہ بھوہ سوہ کو مہا ویا ہرتی کہتے ہیں ویا ہرتی کے معنی ہیں " وہ جس سے کل کاروبار سر انجام پائیں " لہذا بھو بھوہ سوہ ان تین الفاظ سے تینوں لوکوں کے سمپورن پدارتھ (جملہ اشیاء) سمجھنی چاہئیں پھر ایتریہ براہمن میں لکھا ہے کہ اسطرح اُن تینوں لوکوں کو برھمنے نے پرکاشت کیا ان کے پرکاشت (ظاہر) ہونے پر برہمہ کے اوصاف بیان کرنے والے تین شبد یا پد آکار اوکار مکار ظاہر ہوئے اُن تینوں کو باہم ملانے سے جو ایک لفظ بنا وہ اوم ہے اس لیئے اوم (برہمہ) کی ستتی (حمد) کرتے ہیں :-

"اوم سُکھ دینے والا لوک ہے اوم وہ ہے جو سب کو زندگی دے رہا ہے"۔ شت پتھ براہمن میں اس کی

"तानि शुक्राण्यभ्यतपत। तेभ्योऽभितप्तेभ्यस्त्रयो वर्णा अजायन्त। अकार, उकार, मकार इति। तानेकधा समभरत्। तदेतद् ओ३म इति। ऐत५।३२

तस्मादोमिति प्रणौति। ओमिति वै स्वर्गो लोकः। ओमित्यसौ योऽसौ तपति॥

ऐ० ब्रा० ५।३२॥

ـت یوں بیان کی گئی ہے:- "ہر جگہ حاضر، ناظر
و بسیط کُل اور محافظ کُل اوم برہم (سب سے بڑا)
ود سب سے قدیم ہے۔ سب کا پران داتا ہے یہی
ـہم کورویانی پُتر نامی رشی دیا کرتے تھے عالمانِ وید
ں اونکار شبد کو وید سروپ (عین وید) جانتے تھے؛
ی اوم کے ذریعہ تمام جاننے کے قابل اشیاء جانی جا
تی ہیں" پھر گوپتھ براہمن میں لکھا ہے "جو کوئی تحقیق طور
ر اس اونکار کو نہیں جانتا ہے وہ وید کے قابو میں نہیں ہوتا ہے
ا وہ پابند دھرم ہوکر دُنیا میں مایۂ فساد ہو جاتا ہے مگر جو اونکار کو اس طرح جانتا ہے
وید کے قابو میں ہوکر دنیا کا بھلا کرتا ہے۔ اسلئے اونکار رگوید کے پڑھنے کیوقت
روپ ہوتا ہے یجروید میں یجر روپ سام وید میں سام روپ سوتر میں سوتر براہمن
براہمن شلوک میں شلوک اور پرنو میں پرنو ہوتا ہے لفظ اونکار زبان سنسکرت میں
رساؤ ہے جس طرح پرماتما ہر ایک شے میں موجود ہے مگو اُس
وپ رنگ کچھ ظاہر نہیں ہوتا جس میں وہ ہے اُسی کے
وپ میں پرتیت ہوتا ہے اسی طرح رگوید کے ساتھ رگو
وید کے ساتھ یجر وید سروپ ــ.......

ـــــــــــــــ

१ ओ३म खं ब्रह्म खं पुराणं वायुरं खमिति ह
स्माह कौरव्यायणीपुत्रो ऽयं ब्राह्मणाविदुर्वे
दैनेन यद्वेदितव्यम। शत।१४।८।१।१

سام وید کے ساتھ سام وید سروپ اور اتھرو وید کے ساتھ اتھرو وید سروپ اونکار ہوجاتا ہے۔ اسی برہمن میں اونکار کی مہما استعارہ کے رنگ میں یوں بیان کی گئی ہے کہ "اُن[٥] دیوتاؤں کو یہ فکر دامنگیر ہوئی کہ اُن اسُروں کو کون ہلاک کریگا۔ اس کے بعد اُنھوں نے وید کے بڑے بیٹے اونکار کو دیکھا اُس سے اُن دیوتاؤں نے کہا کہ اگر آپ ہماری افسری قبول کریں تو اُن اسُروں پر ہم فتحیاب ہوسکتے ہیں اونکار نے جواب دیا کہ اس سے مجھے کیا فائدہ ہوگا۔ تب دیوتاؤں نے کہا کہ آپ ور مانگیں۔ اونکار نے کہا اگر سب کی رائے کا اتفاق ہو تو میں ور مانگوں اور پھر اُس نے یہ ور مانگا کہ برہم وادی لوگ بدون میرا نام لئے وید کو نہ پڑھا کریں اور اگر پڑھیں تو وہ وید وید نہ سمجھا جاوے۔ دیوتاؤں نے ویسا ہی ور دیا بعد اس کے دیوتا یگیہ بھومی سے بجانب شمال اسُروں سے سرگرم کارزار ہوئے اور

[٥] ते देवा भीता आसन् क इमानसुरानपहनिष्यन्ति। इति तस्मोङ्कारं ब्रह्मणः पुत्रं ज्येष्ठं ददृशुस्ते तमब्रुवन्। भवतामुखेनेमानसुरान् जयेमेति स होवाच किं मे प्रतीवाहो भविष्यतीति। वरं वृणीष्वेति। वृणा इति। स वरमवृणीत॥ इत्यादि॥

دم کی امداد سے اُن اسروں کو میگیہ بھومی سے مار کر نکال دیا
گوپتھ براہمن پرپاٹھک اول براہمن ۲۲)

حاصل مطلب اِس کا یہ ہے کہ جسم انسانی میں دیو اسُر سنگرام یعنی اخلاق حمیدہ و عادات رذیلہ کی جنگ برابر ہُوا کرتی ہے - اخلاق حسنہ و سیئہ دونوں اِس میں موجود ہیں - خصائل ذمیمہ کا نام اسُر اور اخلاق حسنہ کا نام دیو ہے جب خصائل ذمیمہ کی ترقی و اخلاق حسنہ کا تنزل ہوتا ہے تو خصائل ذمیمہ اخلاق حسنہ پر غالب آ کر اُن کو مغلوب کر لیتے ہیں یہی اسُروں کی فتح و کامیابی سمجھی جاتی ہے اور علیٰ ہذا القیاس جب کبھی خصائل حسنہ عادات ذمیمہ پر غالب آ جاتے ہیں اُسوقت دیوتا فتحیاب ہوتے ہیں یہ مجادلہ باہمی ہمیشہ سے چلا آتا ہے جب کبھی دیوتا (نیک رغبتیں) برہم کو فائز ہوتے ہیں تب اُن کی فتح ہوتی ہے - یعنی جب انسان اونکار کی پناہ میں آکر اپنی خصائل ذمیمہ کو روزانہ مغلوب کرنا شروع کرتا ہے تب ایک نہ ایک دن وہ ضرور کامیاب ہو جاتا ہے -

اسطرح کی کتھا کتب قدیم میں بہت جگہہ لکھی ہے - اِسکا حال آگے لکھا جائیگا یہاں صرف اونکار کی تشریح مقصود ہے - لہذا دوسرے مضمون کو چھیڑنا ٹھیک نہیں - چھاندوگیہ اُپنشد سے آگے بالتفصیل اونکار کا بیان کیا جائیگا اِسلئے تانڈیہ مہابراہمن کا حوالہ نہیں لکھا گیا کیونکہ چھاندوگیہ اُپنشد تانڈیہ براہمن کا ہی ایک حصہ ہے

باب سوم

تانڈیہ براہمن میں اوم کا پاٹھ

تانڈیہ براہمن جس کو سام براہمن بھی کہتے ہیں۔ ایک مشہور ومعروف براہمن ہے۔ اسی براہمن کا ایک حصّہ چھاندوگیہ اُپنشد ہے۔ جو آٹھ فصلوں میں منقسم ہے۔ تین براہمنوں کے حوالہ جات متعلقہ اونکار تو باب دوم میں درج کر دیئے گئے اب اس چوتھے براہمن کا حوالہ بھی ذیل میں لکھتے ہیں اس کے ساتھ ساتھ سب اُپنشدوں کے حوالے بھی معہ معنی لکھے جائینگے

"ہر فرد بشر کو واجب ہے کہ اُس غیر فانی قابل حمد و ثنا، اوم نامی برہم کی اُپاسنا کرے یعنی بذریعہ اوم نام ہمہ جا حاضر و ناظر و عالم الغیوب برہم کی عبادت کرے کیونکہ اس اوم نام ہی سے زمانۂ قدیم کے رشیوں نے اُس کی حمد گائی۔ اب بھی سب گاتے ہیں اور آئندہ بھی گائینگے۔ اس کی تشریح

ओमित्येदक्षर मूदगीथमुपासीत ।
ओमिति ह्युद्गायति । तस्योपव्याख्यानम् छा० १।१।१ ॥

آگے کرینگے ؛

اس طرح چھاندوگیہ اُپنشد میں لفظ اوم سے ہی تمہید شروع کی ہے اور پہلے پرپاٹھک میں اوم شبد کا خاص طور پر بیان ہے اس اُپنشد میں جہاں جہاں اوم شبد آیا ہے معہ ترجمہ ذیل میں لکھتے ہیں دو مرتبہ اول پرپاٹھک میں اوم شبد کا پاٹھ آچکا ہے ؛

"کلام الٰہی ہی رگوید ہے پران کے مثل سام وید ہے یہ غیر فانی برہم اوم ہے اسی اوم کو سام ویدی لوگ اُدگیتھ کہتے ہیں"[ط]

اس جگہہ یہ یاد رکھنا چاہیے کہ سام ویدی لوگ برہمہ کو اُدگیتھ نام سے اکثر پکارتے ہیں "اُد" بمعنی اونچا "گیتھ" بمعنی "گانا"۔ یعنی اونچے سُر سے گانے کے قابل وہی برہمہ ہے اسی وجہ سے اُس برہمہ کا نام اُدگیتھ ہے۔ رگویدی لوگ اونکار اور پرنو وغیرہ ناموں سے اُسی کو پکارتے ہیں۔ مطلب یہ کہ اونکار ہی کا ایک نام اُدگیتھ بھی ہے سام وید میں

ط वागेव ऋक्। प्राणः साम (3) ओमित्येतद
क्षरमुद्गीथः। छान्दोग्योपनिषद् प्रपाठक
१। खण्ड१। प्रवाक५॥

ہر ایک گان (راگ) بالخصوص پانچ حصوں میں منقسم ہوتا ہے ہنکار
پرستاو اودگیتھ پرتی ہار اور ندھن یہ اُن کے نام ہیں اس سام کے
راگ کی ایک قسم کا نام بھی اودگیتھ ہے جس کے بیان کی یہاں
ضرورت نہیں۔

"رگوید[1] اور سام وید دونوں کا مقصود اصلی برہم ہی ہے۔ جسطرح عورت
و مرد دھرم کے مطابق صحبت کرتے ہیں تب وہ یقیناً ایکدوسرے کی
خواہش کی تکمیل کرتے ہیں۔ اسی طرح رگوید اور سام وید گانے
کے وقت ملاکر گائے جاتے یا وچارے جاتے ہیں تب وہ دونوں
مل کر ساودھان (گانے والے) کی خواہش پوری کرتے ہیں" جب[2]
رتوک پوچھتا ہے تو دیگر رتوک اوم کو جواب میں کہتے ہیں اُسی
اونکار برہم سے یہ ترئی ودیا وید متعلق ہے۔ رگویدی لوگ اوم کو ہی
سناتے ہیں اور اُسی اوم کی یجر ویدی تعریف کرتے ہیں۔
سام ویدی اوم ہی کو اونچے سُر سے گاتے ہیں۔ وغیرہ

[1] तदेतन्मिथुनम् ।४। ओमित्येतस्मिन्नक्षरे सं-
सृज्यते यदा वै मिथुनौ समागच्छतः आपयतो-
ह वै तावन्योन्यस्य कामम् ।

[2] यद्धि किञ्चानुजानाति ओमित्येव तदाह
छा० १।१।८। तेनेयं त्रयी विद्या प्रवर्त्तते ॥९॥
ओमित्याश्रावयति ।१। ओमिति शंसति ।इत्यादि

وغیرہ اس طرح چھاندوگیہ اُپنشد کے پہلے حصہ میں لفظ اوم
آٹھ بار آیا ہے اسی طرح چھاندوگیہ پرپاٹھک اکھنڈ ۲ پرواک
۵ میں ۷ مرتبہ اوم کا پاٹھ آیا ہے۔ اسی اُپنشد کے ۲-۱۳ میں
۳ مرتبہ اونکار کا پاٹھ آیا ہے۔ جیسے کہ "ان پرکاشت ظاہر
شدہ) ویدوں سے اونکار نام برہم کا ظہور ہوا۔ (یعنی اول لوگوں
کو وید کا گیان ہوا۔ بعد ازاں وید کی تعلیم کے ذریعہ برہم کا
گیان ہوا) اسی اونکار برہم سے تمام وید بانی متعلق ہے (اس
لحاظ سے) برہم ہی سب کچھ ہے"[1]

دیگر اُپنشدوں میں اوم کا پاٹھ ❖

ایش[2] اُپنشد کا ارشاد ہے کہ اے انسانوں مرتے وقت اسی اوم کو
یاد کرو"
کین اُپنشد میں اوم یا اونکار کا پاٹھ نہیں آیا ہے۔

[1] तेभ्योऽभितप्तेभ्य ओंकारः सम्प्रास्रवत् ओंका
रेण सर्वा वाक् संतृण्णा ओंकार एवेदं सर्बम्॥

[2] अन्य उपनिषदों में "ओम" शब्द का पाठ।
ओम् क्रतो स्मर कृतं यदा वदन्ति॥
ईश०

کٹھ[ولی] اپنشد میں اوم کی مہمایوں گائی گئی ہے "کل وید جس
پد کی تعریف کرتے ہیں اور بار بار گاتے ہیں اور جس کی
عظمت کو ظاہر کر رہے ہیں۔ جس پد کی تمنا کرتے ہوئے
برہمچریہ کرتے ہیں۔ اے طالب علم اس پد کو مختصر طور پر تم سے
کہتا ہوں وہ اوم ہے"۔

پرشن[ط] اپنشد میں اس سوال کا کرتے دم جو کوئی اونکار نامی
برہم کا اچھی طرح دھیان کرتا ہے اس کو اس کا کیا ثمرہ ملتا
ہے۔؟ جواب دیا گیا ہے کہ "جو[ط] اپاسک (عابد) اس مجرد کل

[ل] सर्वे वेदा यत्पदमामनन्ति । तपांसि सर्वाणि
च यद्वदन्ति ॥ यदिच्छन्तो ब्रह्मचर्यं चरन्ति ।
तत्ते पदं संग्रहेण ब्रवीम्योमित्येतत् ।
[ط] प्रायणान्तमोङ्कारमभिध्यायीत । कतमं वा
व स तेन लोकं जयतीति । तस्मै स होवाच ।
एतद्वै सत्यकाम परञ्चापरञ्च ब्रह्म यदोङ्
कारः ॥२॥ यः पुनरेतं त्रिमात्रेमितयेतेनैवा
क्षरेण परं पुरुषमभिध्यायीत । ५ । तमोङ्का
रेणैवायतनेनान्वेति विद्वान् यत्तच्छान्तमज
रममृतमभयं परञ्चेति । ७ ॥

प्रश्नोपनिषद् पञ्चम प्रश्न ।

پرمیشور کا اوم شبد کے ذریعے سے دھیان کرے وہ برہمہ کو
فائز ہوتا ہے۔ وہ برہمہ جو راحت مطلق لازوال لاموت
لاانحاف اور سب سے افضل ہے اُس عالم الغیب پرماتما کو
عالم لوگ اونکار کے ہی ذریعہ سے پاتے ہیں"۔

منڈک اُپنشد[لہ] میں آچاریہ (اتالیق) کے لئے ہدایت ہے کہ وہ
اپنے شش کو اس طرح اُپدیش کرے کہ "اونکار کے ذریعہ
ہی پرماتما کا دھیان کرو تم لوگوں کا کلیان (بھلا) ہووے۔ بحر
جہالت سے تمہارا بیڑا پار ہو"

مانڈوکیہ اُپنشد[ٹہ] میں تو سوائے اونکار کی ویاکھیا کے اور کوئی مضمون ہی نہیں

[لہ] ओमित्येवं ध्यायथ। आत्मानं स्वस्तिवः पाराय
तमसः परस्तात्। मुण्डकोपनिषद् २।२।६॥

[لہ] ओमित्येतदक्षर मिद ँ सर्व तस्योपव्याख्यानं
भूतं भवद् भविष्यदिति सर्वं मोङ्कार एव।
यच्चान्यत् त्रिकालातीतं तदप्योङ्कार एव
मां० १।

تیتریہ اوپنشد. سکشا ادھیائے انوواک ۸ میں مرقوم ہے کہ "اوم برہم
کا نام ہے - اوم ہی سار وستو ہے - یگیہ میں اسی کو سنتے سناتے
ہیں - سام ویدی اوم ہی کو گاتے ہیں رگویدی بھی اسی اوم
کی شستی (حمد) گاتے ہیں - یجرویدی ادھوریو ہر ایک بچن
میں اونکار ہی کو کہتے ہیں برہما نام رتوک اونکار کے ذریعہ ہی
حکم دیتا ہے - اگنی ہوتر کے لئے اونکار کے ہی ذریعہ آگیا دیتا
ہے - برہم وادی لوگ اوم شبد کے ذریعہ سے پرارتھنا کرتے ہوئے
کہتے ہیں کہ ہم اس کے ذریعہ سے برہم دھام تک پہنچ جائیں
وہ ضرور برہم کو فائز ہوتے ہیں"۔

ایتریہ اپنشد میں اوم شبد کا علانیہ پاٹھ نہیں ہے۔

८ ओमिति ब्रह्म । ओमितीदँ सर्वम् । ओमित्येत-
दनुकृतिर्ह स्म वा अप्यो श्रावयेत्याश्रावयन्ति । ओ-
मिति सामानि गायन्ति । ओँ शोमिति शस्त्राणि श-
ँसन्ति । ओमित्यध्वर्युः प्रतिगरं प्रतिगृणा-
ति । ओमिति ब्रह्मा प्रसौति । ओमित्यग्निहो-
त्रमनुजानाति । ओमिति ब्राह्मणः प्रवक्ष्यन्नाह
ब्रह्मोपाप्नवानीति । ब्रह्मैवोपाप्नोति । १ । ओं-
दश ॥

برہدار نیک اُپنشد ادھیاء ۳- برہمن ۹ کنڈکا اول میں
ओमितिहोवाच یہ پاٹھ سات مرتبہ آیا ہے- پھر ۵-۳-۱
۵-۲-۳-۹-۲-۱- میں یہ پاٹھ آیا ہے- پھر
ओं खं ब्रह्म ५।१।१ (وغیرہ) پاٹھ برہدار نیک اُپنشد میں بھی ہیں
ओंक्रतो स्मर कृतं स्मर گیتا بھی ایک مشہور کتاب ہے
اِس لئے اُس سے بھی اونکار کے متعلق تین شلوک ذیل میں
درج کئے جاتے ہیں- سری کرشن کہتے ہیں کہ "اے ارجن!
جو شخص اِس ایکاکشر برھم اوم کو کہتے ہوئے اور اُس کے ذریعہ
برھم کو یاد کرتے ہوئے اِس شریر کو تیاگ دیتے ہیں یعنی
مرتے وقت قالب عنصری کو چھوڑتے ہیں وہ پرم گتی (نجات)
کو پراپت فائز ہوتے ہیں،" "اونکار جاننے کے قابل نہایت ہی
پاک ہے اِسی طرح اِس برھم گیان کے لئے رگوید یجروید اور
سام وید جاننے کے قابل ہیں" "اوم تت ست" اِن تین پدوں
سے برھم کا نردیش ہوتا ہے اِس لئے برھم وادیوں کے یگیہ
دان (خیرات) اور تپ (ریاضت) وغیرہ اعمال حسنہ کا آغاز اوم ہی
سے ہوتا ہے" ओमित्येकाक्षरं ब्रह्म व्याहरन्माम-
नुस्मरन्, यः प्रयाति त्यजन्देहं स याति परमां गतिम्
वेद्यं पवित्रमोंकार ऋक्साम यजुरेव च ॥
ओं तत्सदिति निर्देशो ब्रह्मणस्त्रिविधः स्मृतः ॥ इत्या

چوتھا باب

اقوال اُپنشد متعلقہ اونکار پر اعتراض اور اُس کا جواب

اعتراض ۔ ابواب سابق کے بیانات سے اور بھی شبہ بڑھ گیا کیونکہ جس طرح بت پرست لوگ کالی وشنو مہادیو وغیرہ دیوی دیوتاؤں کی مورتیاں قائم کرکے اُن کی پوجا کرتے ہیں اسی طرح یہ ونکار بھی معلوم ہوتا ہے ۔ اس ونکار میں بھی برہم کا تصور آپ کرتے ہیں اسی سبب سے اِس لفظ کو آپ افضل ترین مانتے ہیں ورنہ اس لفظ پر اتنا اصرار کیوں؟ پس آپکا مورتی پوجنے والوں سے فرق کچھ نہ رہا مثلاً ہم سوامی شنکر آچاریہ جی کی رائے پیش کرتے ہیں جو اپنی چھاندوگیہ اُپنشد کی تفسیر میں صاف لکھتے ہیں کہ جیسے مورتی پرماتما کا پرتیک (قائم مقام) ہے ۔ اسی طرح اونکار بھی اُس کا پرتیک ہے[1]

---

[1] तथा च अर्चादिवत परमात्मनः प्रतीकं सम्पद्यते "

"پرماتما کی پرتیک اونکار میں مضبوط ایکاگر دکیسو) بُدھی قائم کرے[1] پھر برہدار نیاک اُپنشد (۱-۱-۵) کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ :- " جیسے وشنو اور پرماتما میں فرق نہ مان کر پوجا کرتے ہیں اُسی طرح شردھا بھگتی اور بھاؤ وششیش سے اونکار روپ پرماتما میں برہمہ کی ستھاپنا کرے[2] ان سب پرمانوں (حوالوں) سے تو یہی ثابت ہوتا ہے کہ اُپنشدوں کے زمانہ میں

[1] ओङ्कारे परमात्मप्रतीके दृढामेकाग्रय लक्षणां मतिं सन्तनुयात् ॥

[2] विष्ण्वादिप्रतिमाभेदेनैवोङ्कारो ब्रह्मेति प्रतिपत्तव्यम्। पुनः श्रद्धाभक्तिभ्यां विशेषेणचोङ्कार आवेशयति विष्णवङ्काङ्कितायां शैलादिप्रतिमायां विष्णुं यथा लोकः ॥

اگرچہ شیتلا وغیرہ کی مورتیاں نہیں تھیں مگر اونکار رپنی مورتی
اُسوقت بھی موجود تھی۔ مگر ان دونوں میں فرق نہیں اس لئے
آپ بھی بُت پرست ٹھہرے۔ اگر آپ یہ کہیں کہ یہ تو شری شنکر
آچاریہ جی کا عقیدہ ہے اُپنشد کا نہیں اس پر اسی قدر کہنا
واجب ہے۔ کہ کیا شنکر آچاریہ جی اُپنشد کا منشا نہیں سمجھتے تھے؟
ایک ایسے عالم کی شرح کبھی غلط نہیں ہو سکتی اُپنشد کے
مفہوم کو جیسا اُنھوں نے سمجھا ویسا دُنیا میں سمجھنے والا اب
پیدا ہونا محال ہے۔ اور الفاظ بھی بہت صاف صاف ہیں
کہ "اوم اس اکشر کی اوپاسنا کرنی چاہیئے"[1] نہ کہ "اوم واچیہ
برہم کی۔ اسی کی تائید کٹھ اُپنشد کے ان اقوال سے ہوتی ہے
"یہی اونکار اکشر برہم ہے یہی اونکار اکشر پرم ہے اسی اکشر کو
جان کر جو جیسا چاہتا ہے وہ اُس کو حاصل ہوتا ہے۔ یہی
آلمبھن (سہارا) سریشٹھ ہے یہی آلمبھن پرم ہے۔ اسی کو جانکر
برہم لوک میں معزز ہوتا ہے"[2] وغیرہ ان اقوال میں صاف

لہ ओमित्येतदक्षरम्॥

لے एतदेवाक्षरं ब्रह्म एतदेवाक्षरं परम्॥
एतदेवाक्षरं ब्रह्म ज्ञात्वा यो यदिच्छति तस्य तत्
एतदालम्बनं श्रेष्ठमेतदालम्बनं परम्॥
एतदालम्बनं ज्ञात्वा ब्रह्मलोके महीयते॥

طور پر اونکار کو برمھ مانا گیا ہے۔ اگر آپ اِس سے کچھ نرالا برمھ کو سمجھتے ہیں تو صاف صاف مجھے سمجھاویں۔ اور مَیں یہ بھی دریافت کرتا ہُوں۔ کہ اگر برمھ کے ہزارہا نام خواص و افعال کے اعتبار سے کہے گئے ہیں۔ تو پھر اِسی اونکار نام کی کیا خصوصیت ہے۔ کیوں نہ ہم جس نام صفت یا طریقہ سے چاہیں اُس کی پُوجا کریں۔ جب آپ ایک خاص نام کو افضل سمجھتے ہیں اور اِس کی پرستش و ورد کو ہی باعث نجات سمجھتے ہیں۔ تو پھر بیچاری مورتی پُوجا ہی کیا بگاڑتی ہے۔ جب آپ میرے اِن سوالات کا جواب دیدینگے اُسوقت جو شُبہ پھر پیدا ہوگا اُس کی بابت آپ سے پُوچھوں گا ؛

جواب ۔ تمہارا اعتراض بہُت طول طویل ہے۔ خیر سُنو۔ مُورتی پُوجا اور اونکار اوپاسنا دونوں کسی حالت میں یکساں نہیں ہوسکتیں ویدوں میں مُورتی پُوجا کا طریقہ کہیں بھی نہیں لکھا۔ مُورتی پُوجا تھوڑے دِنوں سے رائج ہوئی ہے۔ جو جو مورتیاں آج کل پُوجی جاتی ہیں۔ وہ بہُت جدید ہیں۔ تریمی دلیو کے بیان میں اسکو تفصیل سے لکھیں گے۔ یہاں اِتنا سمجھو کہ رِشیوں کا سدھانت وید کے مطابق ہے ؛

مشہور اوپ نشد جن میں ویدوں کے تتو کو درشایا گیا ہے۔ رِشیوں کی تصنیف ہیں اس سبب سے خلاف وید بیان اُپنشدوں میں نہیں ہوسکتا۔ فی الحال اِس بحث سے قطع نظر کرکے اِسی امر پر غور کروگے جس طرح پرتما میں دھیان ہوتا ہے۔ کیا

ویسا ہی اونکار میں دھیان کرنیکا مطلب ہے ؟ - ایسا کبھی نہیں
ہوسکتا - کیونکہ اونکار ایک شبد ہے - اس کا رُوپ کیا ہوگا۔
اگر کہو - کہ جیسا آج کل لفظ ادم کو لکھتے ہیں ۔ ویسا ہی
نشان ہوگیا - بس اُسی علامت کو برہمہ سمجھ کر اُس کا دھیان
کرے - سُنو - اِس حالت میں بھی بہت خرابی پیدا ہوگی - کیونکہ
جس قدر اقسام کی رسم الخط مُلک میں رائج ہیں - اُسی قدر اقسام
کے دھیان بھی ہوجائینگے - بھارت ورش یعنے ہندوستان میں
ہی بیسیوں رسم الخط دیکھی جاتی ہیں - اُتنی ہی قسم سے یہ لفظ
آدم لکھا جائیگا - اور تب تمہارے قول کے موافق اُتنے ہی
قسم کے دھیان ہوجائینگے - اگر تم کہو کہ ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ
بھگوان کے اننت رُوپ ہیں - اننت پرکار سے اُس کا دھیان
ہوگا - جیسے اننت پرکار کی پرتماؤں میں اُنہیں کے مطابق
دھیان ہوتا ہے - اِس میں ہرج ہی کیا ہے ؟ سُنو اگر
مصنفین اُپنشد کا یہ منشا ہوتا تو کم سے کم رسم الخط کی علامت
کے مطابق دو چار اکار کے دھیان سرُوپ ضرور بتلا دیتے سو ایسا نہیں
کیا - اِسوجہ سے اُپنشد کا مطلب تمہارے کہنے کے خلاف
معلوم ہوتا ہے - جواب شافی اِس کا اُتر میمانسا میں دیکھو جو
ویدانت کے نام سے مشہور ہے - کبھی ایک دوسرے کے خلاف
خواص بیان نہیں کئے گئے - اور نہ برہمہ کا کوئی اکار ہی بتلایا
گیا ہے - اور نہ اُپنشدوں میں اونکار کا کوئی رُوپ کبھی بیان

گیا گیا ہے۔ لہٰذا تمہارا کہنا شاستر کے خلاف ہے۔ اور دوسری
ن یہ ہے کہ اکشر کا کوئی اکار نہیں ہوتا۔ البتہ بچوں کے سمجھنے
ے لئے لوگوں نے مختلف فرضی رسم الخط ایجاد کرلی ہیں۔
ر باعتبار رسم الخط اونکار کی شکل کا دھیان کرو گے تو تمہارا
یان بھی فرضی ہوگا۔ اِس دلیل سے بھی تمہارا قول صحیح
ہیں۔ اگر کہو کہ جس طرح فرضی اکشر کے ذریعہ سے سچا
یان حاصل کرلیتے ہیں۔ اُسی طرح فرضی علامت کے ذریعہ
ے برہم کو بھی جان جائینگے۔ یہ کہنا بھی ٹھیک نہیں۔ دیکھئے
ی نام مئی کے علم کے لئے شبد (آواز) ایک واسطہ ہوتا ہے
کہ مورتی۔ رامچندر جی کے حالات شبد کے ذریعہ والمیک
ی نے کہے ہیں نہ کہ مورتی کے ذریعہ سے۔ جب کوئی شخص
والمیکی راماین یا تلسی کرت راماین کے شبدوں کو پڑھتا ہے
اُس کا دل خوش ہوجاتا ہے۔ رامچندر کے سب واقعات
س کی نظر کے سامنے آجاتے ہیں۔ وہ شبد کو ہی پڑھتا
ے۔ اور اُسی پر غور کرتا ہے۔

اِس موقع پر یہ بھی یاد رکھو کہ شری رامچندر جی اجودھیا کے
ہ تھے۔ اُن کے ماں باپ بیٹے وغیرہ سب کوئی تھے۔ اِس
ے اُن کی تصویر کاغذ پر لکھی جاسکتی ہے۔ پتھر وغیرہ میں
ی ان کی مورتی بجنبہ کھودی جاسکتی ہے۔ اس زمانہ میں
ر وہ ہوتے تو اُن کا فوٹو بھی لیا جاسکتا تھا۔ اب تم ایک

لحظہ کے لیے وچار کرو۔ کہ اگر تم نے کبھی رام کا ذکر شبد کے
ذریعہ نہیں سُنا ہے۔ تم سے کسی نے یہ نہیں کہا ہے۔ کہ
رامچندر جی اجودھیا کے راجہ تھے۔ وغیرہ وغیرہ۔ ایسی حالت میں
کسی پتھر کی بنی ہوئی مورت کوشلیا دیوی کی گود میں بیٹھے
ہوئے رام چندر کو دیکھ کر بھی تم کو کچھ علم نہ ہوگا۔ پھر تم کو
تقریر کے ذریعہ پوچھنا ہی پڑیگا کہ یہ کون ہے۔ پھر شبد ہی
کے ذریعہ اُس کا سب حال تم کو بتایا جائیگا۔ تب ہی تم کو گیان
ہوگا۔ اِس وجہ سے شبد ہی ایک واسطہ ہوا کرتا ہے۔ نہ
کہ مُورتی۔ اب پھر دیکھو جس وقت تم سے کسی نے کہا۔ کہ یہ
رامچندر ہیں اور یہ اُن کی ماتا کوشلیا دیوی ہیں۔ اُس وقت
تم کو کس طرح علم ہُوا۔ کیا اکشر کے دھیان سے یا شبد
کے سمجھنے سے؟۔ بے شُبہ شبد کے ہی علم سے تم کو پدارتھ
کا گیان ہُوا۔ اُسوقت اِس اکشر کا کیا اکار ہے۔ اِس پر تمہارا
دھیان نہیں ہوتا ہے۔ بلکہ معنی الفاظ پر ہوتا ہے۔ جہاں کہیں
کتھا یا ویاکھیان ہوتا ہے۔ تو جو جاہل لوگ حرف شناس نہیں
ہوتے ہیں۔ جس زبان میں کتھا ہوتی ہے اُسکو سمجھتے ہیں۔ تو
اُن کو سب کتھا یاد ہو جاتی ہے۔ اکشر کی کچھ ضرورت نہیں
ہوتی۔ کتابوں میں فقط اکشروں کے اکار کے دیکھنے سے
تم کو کیا معلوم ہوتا ہے؟ کچھ بھی نہیں۔ اگر اکشر کے اکار سے
کسی کو علم ہو جائے۔ تو ایک جاہل مطلق کو بھی علم ہونا چاہیئے

کیونکہ وہ آنکھ سے اکشر کے آکار کو دیکھ رہا ہے۔ کہ یہ اکشر
ٹیڑھا ہے یا سیدھا۔ تکونا ہے یا گول ہے وغیرہ۔ مگر اُس
جاہل کو کچھ بھی گیان نہیں ہوتا۔ عمر بھر اکشر ہی کا دھیان
کرتا رہے۔ مگر اُس کو ایک شبد کا بھی بودھ نہیں ہوگا۔ اِس
سے ثابت ہُوا کہ اکشر شبد جاننے کے لئے محض ایک نشان ہے
مگر شبد علم شئے کے لئے ایک مُقدّم سبب ہے۔ اگر شبد نہ ہو
تو ہم کچھ نہیں جان سکتے۔ کتاب میں اکشر تو موجود ہے۔ مگر جب
تک نہ بتلایا جائے کہ الف ہے یا ب ہے۔ تب تک اُس
کا علم نہ ہوگا۔ تم غور کر کے دیکھو کہ اکشر کیا چیز ہے۔ جو بچے
اکشر سیکھتے ہیں۔ اُن کو رفتہ رفتہ سب اکشروں کا بودھ ہو
جاتا ہے۔ مگر اُن اکشروں سے کسی پد کا بودھ نہیں ہوتا۔
اگر اکشروں سے پد کا بودھ ہوتا۔ تو اسکو سب الفاظ اور اُن
کے معنی کا علم بھی ہو جانا ضروری تھا۔ مگر ایسا نہیں ہوتا۔
اِس دلیل سے اکشر علم کی عِلّت نہیں۔ اب دیکھئے اکشر
کو جان کر بھی پد کا مطلب رٹنا پڑتا ہے۔ اِس سے بھی اسکو
پدارتھ کا بودھ نہیں ہوتا۔ جب تک وہ اُس پدارتھ کو اپنی آنکھ
سے نہیں دیکھ لیتا۔ اور انومان (قیاس) وغیرہ کے ذریعہ سے
نہیں جان لیتا۔ تب تک کسی شئے کا بودھ نہیں ہوتا۔ اِس
وجہ سے اکشر بودھ کا باعث نہیں۔ دیکھو ایک اندھا بچہ ہے
اُس کو اکشر کے بغیر ہی پڑھانے سے بودھ ہو جاتا ہے۔

ہاں۔ آنکھوں کے بغیر رُوپ کا بودھ نہیں ہوتا۔ مگر پڑھنے سے وہ ساری راماین یاد کرسکتا ہے۔ اور تم نے دیکھا بھی ہوگا کہ اکثر ایسا ظہور میں آتا ہے۔ فرض کرو کہ تم انگریزی سے ناواقف محض ہو۔ تمہارے روبرو کسی نے انگریزی حروف لکھ کر رکھ دیئے۔ تم دیکھتے ہو کہ یہ کیسے ہوتے ہیں اور مانا کہ جس طرح وہ حروف لکھے جاتے ہیں۔ تم نے دیکھ کر لکھ بھی دیئے مگر آج تک تم کو کسی نے یہ نہ بتایا کہ یہ (A) ہے یہ (B) ہے۔ اب غور کرو کہ علامت کا علم ہو کر بھی تم کو نفس الامر میں: A . B . C . D کا بودھ نہیں ہوا۔ اِس نظر سے اکثر بودھ کا سبب نہیں ہوسکتا۔ شے کا علم شبد کے ذریعہ سے ہوا کرتا ہے۔ مگر فی الحقیقت ساکشات انوبھو سے ہی واقعی بودھ ہوتا ہے اس کے لئے ایشور نے مختلف حواس مختلف اشیاء کے علم کے لئے مہیا کئے ہیں۔ انہیں سے کماحقہ گیان ہوتا رہتا ہے۔

اگر کہو کہ ادم سشبد کا جیسا تلفظ ہوتا ہے۔ اُسی کے مطابق دھیان کرنے سے اُپ نشد کا منشاء ہے۔ سو یہ بھی ٹھیک نہیں۔ کیونکہ آوازِ حلق کے اختلاف کی وجہ سے تلفظ بھی بیشمار ہونگے پس اس صورت میں کوئی امر متحقق نہ ہوگا۔ اور نہ اس قسم کا کوئی پرمان ہی ملتا ہے۔ یہ بھی دیکھنا چاہیئے۔ کہ اوچارن (تلفظ) دھونی کو کہتے ہیں۔ پس وہ تلفظ یا دھونی تو ایشور

نہیں ہوسکتی۔ یہ سب نادانی کی بات ہے۔ اِن سب باتوں سے قطع نظر کرکے رشیوں کے منشار پر غور کرو۔ اگر یہ کہو کہ شنکر آچاریہ نے تو پرتما کی مانند ہی اوزکار کو تسلیم کیا ہے یہ کیا بات ہے؟ اِس کا جواب یہ ہے کہ شنکر آچاریہ جی کے بھاشیہ میں ایک دو موقعہ پر ہی ایسی غلطیاں نہیں۔ بلکہ صدہا مقامات اُس میں ایسے ہیں جو متضاد یکدگر ہیں۔ اور دوسری بات یہ ہے۔ کہ شنکر آچاریہ کا سِدّھانت آج تک لوگوں نے ٹھیک ٹھیک نہیں سمجھا۔ اگر آپ نے سمجھا ہے تو بتلایئے۔ کہ وہ کہنے والا ایشور کیوں نہیں اور تم بھی ایشور کیوں نہیں۔ پھر ان دونوں ایشوروں میں یہ محاربہ عظیم کیونکر یعنے ان دونوں ایشوروں میں اتفاق رائے کیوں نہیں۔ جب ایک شے کے سوائے دوسری کوئی شے ہی نہیں۔ تو پھر ایک دوسرے سے ٹھوکر کیوں کھاتا ہے؟ گھاس بھی ایشور اور گھاس کھانیوالا جانور بھی ایشور۔ روشن کرنیوالا۔ چراغ بھی ایشور۔ اور روشن گھڑا بھی ایشور۔ سانپ بھی ایشور اور اُس کے زہر سے مرنیوالا شریردھاری بھی ایشور وغیرہ وغیرہ۔ سانکھ شاستر میں خوب کہا ہے۔ کہ "ایسا کہنا بچّوں اور پاگلوں کے برابر ہے" اِس لحاظ سے میں کہتا ہوں کہ شنکر کا عقیدہ معقول اور جگت اوپکاری نہیں لہذا اُنہیں کے قول پر حصر کرکے اوپنشدوں اور شاستروں کی تعلیم کا فیصلہ نہیں کرسکتے۔ ہم چھاندوگیہ اوپنشد اور

برہدارنیک اوپنشد سے دو مکالمہ درج کرتے ہیں۔ جن پر غور کرنے سے آپ کو صاف معلوم ہو جائیگا۔ کہ اُپنشدوں کے زمانہ میں ہر قسم کی پرتیک اوپاسنا کا نشیدھ تھا۔ دھیان لگا کے ان کے مضمون دقیق پر غور کرو۔

چھاندوگیہ اُپنشد کے پانچویں پرپاٹھک کے گیارھویں کھنڈ سے اِس مکالمہ کا آغاز ہوتا ہے۔ ایک زمانہ میں اُپمنیو۔ پولوشی بھالون۔ شارکراکش اور اشوتراشوی جو بڑے عالم فاضل اور ماہر وید تھے آتما اور برہم کی پوری پوری ماہیت جاننے کیلئے ارونی۔ اودالک کے پاس گئے۔ ارونی۔ اودالک بھی اُن ماہران وید کے شُبہ کو رفع نہ کر سکے۔ تب وہ کیکئی دیش کے راجہ اشوپتی کی خدمت میں حاضر ہوئے۔

اِن مہاتماؤں میں جو برہم سمواد ہوا ہے وہ سُننے کے قابل ہے۔

اشوپتی۔ ہے اُپمنیو آپ کس آتما کی اوپاسنا کرتے ہیں

اُپمنیو۔ راجن! میں دیولوک روپ آتما کی اوپاسنا کرتا ہوں

اشوپتی۔ اُپمنیو۔ یہ دیولوک ویشوانر کے مکھ کے سمان ہے وہ برہم نہیں ہے۔ آپ کا سر گر پڑتا اگر آپ میرے پاس نہ آتے۔ (آپ علم حقیقی سے محروم رہتے)

اشوپتی۔ ہے پولوشی۔ آپ کس آتما کی اوپاسنا کرتے ہیں۔

پولوشی۔ راجن! میں آدتیہ روپ آتما کی اوپاسنا کرتا ہوں؟

اشوپتی - پوتُشی - یہ آدتیہ تو ویشواتر آتما کی آنکھوں کی مانند ہے۔ آپ اندھے ہوجاتے اگر میرے پاس نہ آتے۔
۳- اشوپتی - ہے بھالویہ۔ آپ کس آتما کی اوپاسنا کرتے ہیں؟
بھالویہ - میَں وایو رُوپ آتما کی اُپاسنا کرتا ہوں۔
اشوپتی - یہ وایو تو ویشواتر آتما کے پران کی مانند ہے۔ اگر آپ میرے پاس نہ آتے تو آپ کے پران نکل جاتے۔ یہ وایو برمحہ نہیں۔
۴- اشوپتی - ہے شارکرآکش! آپ کس آتما کی اوپاسنا کرتے ہیں؟
شارکراکش - راجن! میَں اکاش رُوپ آتما کی اوپاسنا کرتا ہُوں۔
اشوپتی - یہ اکاش تو ویشواتر آتما کے جسم کی مانند ہے۔ اگر آپ یہاں نہ آتے۔ تو آپ کا شریر ناش ہوجاتا۔ یہ اکاش برہمہ نہیں ہے۔
۵- اشوپتی - ہے اشواتراشوی۔ آپ کس آتما کی اوپاسنا کرتے ہیں۔
اشواتراشوی - راجن میَں جل رُوپ آتما کی اوپاسنا کرتا ہوں
اشوپتی - یہ جل تو اتما کی وستی کی مانند ہے۔ اگر آپ یہاں نہ آتے۔ تو آپ کا وستی چھِن بھِن ہوجاتا۔ یہ جل برمھ نہیں ہے۔
۶- اشوپتی - ہے اوداّلک آپ کس آتما کی اوپاسنا کرتے ہیں
اوداّلک - میَں پرتھوی رُوپ آتما کی اوپاسنا کرتا ہوں۔

اشوپتی۔ یہ پرتھوی تو ویشوانر آتما کے پاؤں کی مانند ہے۔ اگر آپ یہاں نہ آتے۔ تو آپ کا پاؤں کٹ جاتا۔ یہہ پرتھوی برمھ نہیں۔

اِس کے بعد مہاراجہ نے اُن چھہ عالموں کو برمھ کے متعلق اُپدیش کیا۔ جس کو سُنکر اُن سب کی شنکا دُور ہوگئی۔ اور بڑی خوشی کے ساتھ وہ اپنے اپنے آشرموں کو واپس چلے گئے۔

اب اِس مکالمہ کے منشاء اصلی پر غور کرو ؛

یہاں مجمل طور پر کہا گیا ہے۔ کہ اِس دُنیا میں جتنی اشیا نظر آتی ہیں۔ وہ برمھ نہیں ہیں۔ آفتاب۔ ہوا۔ خلا۔ پانی۔ زمین برمھ نہیں۔ اِن میں آفتاب سے لیکر زمین تک جملہ اشیاء شامل ہیں۔ ان میں سے جو باقی رہیں۔ اُن کا تعلق دیولوک سے ہے۔ سو وہ دیولوک بھی برمھ نہیں۔ لہٰذا ان کو جو کوئی برمھ سمجھ کر پُوجتا ہے۔ وہ اگیانی ہے۔ اور اِس سے یہ بھی ثابت ہُوا۔ کہ یہ سب اشیا غیر ذی روح ہیں۔ ان کی ستوتی اور پرارتھنا جو لوگ کرتے ہیں وہ بڑے اگیانی ہیں۔

آریہ ورت کے عالمو! اس مکالمہ پر توجہ دو۔ اور سورج وغیرہ کی پُوجا چھوڑ کر برمھ کی پُوجا کرو ؛

سوال :۔ اکثر لوگ کہتے ہیں۔ کہ ہم آفتاب وغیرہ کی عبادت نہیں کرتے ہیں۔ بلکہ اُن میں برمھ کی اوپاسنا کرتے ہیں۔ کیونکہ برمھ سرو ویاپک ہونے سے آفتاب وغیرہ میں بھی موجود ہے

اِس وجہ سے آفتاب وغیرہ کو علیحدہ سمجھ کر اوپاسنا کرنے میں کوئی ہرج نہیں"۔ اِس شُبہ عظیم کے رفع کرنے کے لئے ہم برہدارنیک اوپ نشد سے حسب ذیل مکالمہ درج کرتے ہیں :-

بالاکی نام ایک ذیعلم گرگ گوتر میں تھا۔ اُس نے ست شاستروں کو پڑھا تھا۔ مگر شاستروں کے منشاء سے بالکل ناواقف تھا۔ وہ پرتیک اوپاسنا کو عمدہ سمجھ کر سب کو اُس کا اُپدیش کیا کرتا تھا۔ ایک مرتبہ کاشی کے راجا اجات شترو کے پاس جاکر بولا۔ کہ راجن اگر آپ کی مرضی ہو تو آپ کو برہم کا اُپدیش کروں۔ راجہ بہت خوش ہوکر بولا۔ کہ میں فقط اِسی بات کے لئے ایک ہزار گائیں آپ کی نذر کرتا ہوں۔ کیونکہ جنک جنک کہہ کر سب مہاتما وِدوان لوگ متھلا دیش کو ہی چلے جاتے ہیں۔ ہم بیچاروں کو کوئی برہم گیانی آکر اُپدیش نہیں دیتا۔ سو آپ کی بڑی کرپا ہوئی جو آپ نے ہم کو درشن دیئے آپ ضرور برہم کا اُپدیش سُنائیں۔ تب وہ گارگی بالاکی مہاراج کو اُپدیش دینے لگا۔ کہ یہ جو آفتاب میں پُرش ہے۔ اُسی کو میں برہم مان کر اوپاسنا کرتا ہوں۔ آپ بھی اُسی آفتاب میں برہم پُرش کی اوپاسنا کریں۔ یہی پُرش برہم ہے۔

نوٹ۔ یہاں لفظ پُرش کے معنی برہم شکتی (قدرت الٰہی) کے ہیں۔ اِسی منشار سے گارگی نے لفظ پُرش کا استعمال

کیا ہے۔ اگر لفظ پُرش کا ترجمہ فقط قدرت ہی کیا جا سکے۔ تو رشی کی پرتگیا بھنگ ہوجاتی ہے۔ کیونکہ وہ راجا سے کہہ چُکا ہے کہ میں آپ کو برمہہ کا اُپدیش کرونگا۔ سو سوروپ رُوپ ادھشٹھان (قایم مقام) میں برمھ کی اوپاسنا کہتا ہے۔ اس نظر سے یہاں پُرش لفظ کے معنے والاکی کی راسے میں برمہہ ہیں۔

راجا یہ بات سُنکر بولا کہ نہیں نہیں۔ اِس آفتاب میں برمھ کی اوپاسنا مجھے نہ بتلائیں۔ یہ سمواد اچھا نہیں۔ ہاں یہ آفتاب اِس دُنیا میں سب کا اَتی ترمن (سب پہ حاوی) کرنیوالا ہے۔ اور راجا اور سر کی مانند ہے۔ ایسا تو میں بھی مانتا ہوں اور اتنا مان کر آفتاب کے متعلق۔ خواص کا مطالعہ میں بھی کرتا ہوں۔ مگر اِس میں برمہہ کی اوپاسنا کرنی بالکل ناواجب ہے تب پھر گارگیہ آفتاب کو چھوڑ کر ماہتاب کو دکھلا کر بولا کہ ہے راجن چاند میں جو یہ پُرش ہے اُسی کو میں برمھ جانتا ہوں۔ اور اِسی میں برمھ کی اُپاسنا کرتا ہوں۔ آپ بھی اِسی میں برمھ کی اُپاسنا کیا کریں۔ راجا اِس بات کو سُن کر کہنے لگا نہیں نہیں۔ اِس چاند میں جو پُرش ہے وہ برمھ نہیں۔ اور نہ اِس چاند میں برمھ کی اوپاسنا کرنی ہی اُچت ہے۔ اِس میں آپ بحث نہ کریں۔ یہ برمھ نہیں۔ البتہ لوگ اسکو سوم راجہ کہتے ہیں۔ میں بھی اِسکو سوم راجا ہی مانتا ہوں۔ مگر سوم راجا میں برمھ کی اوپاسنا نہ تو میں کرتا ہوں۔ نہ اور کسی کو کرنی چاہیئے

اِس کے بعد بالاکی نے سلسلہ وار بجلی۔ ہوا۔ آتش۔ پانی۔ آئینہ۔ شبد وغیرہ اشیار میں برہم کی اُپاسنا کا اُپدیش کیا۔ مگر راجہ سب کی تردید کرتا گیا۔۔۔۔۔۔ راجا نے کہا کہ کیا آپ اتنا ہی جانتے ہیں اِس قدر علم سے برہم کبھی ظاہر نہیں ہوتا۔ تب گارگی شرمندہ ہوکر بولا کہ راجا اب میں آپ سے ہی برہم کا اُپدیش سُننا چاہتا ہوں۔ کرپا کر کے برہم کا اُپدیش مجھے کریں۔ راجہ بولا یہ تو ایک اُلٹی بات ہے کہ برہمن ایک چھتری کے پاس اِس غرض سے آئے۔ کہ مجھے وہ برہم کا اُپدیش کریگا۔ خیر یوں ہی سہی۔ اب چند روز میرے یہاں رہیں۔ میں آپ کو بتلاؤنگا۔ اِس کے بعد حسب وعدہ راجا نے برہم کا اُپدیش دیا۔ ۔ ۔ ۔ جس کو سُن کر وہ بالاکی پُورا برہم گیانی ہوگیا۔

اوپنشدوں کے مذکورہ بالا دونوں مکالموں سے ثابت ہُوا۔ کہ سُوریہ وغیرہ پرتما میں بھی برہم کی اُپاسنا نہیں کرنی چاہیئے۔ پس جبکہ اُن میں بھی اُپاسنا کی ممانعت ہے۔ تو پھر کب ممکن ہے۔ کہ مٹی یا کسی دھات وغیرہ کی بنی ہوئی مورت میں برہم اوپاسنا کا طریقہ بتایا جائے۔ اب رہا اُن کا رُوپ پرتیک۔ سو اِس کے بارہ میں پہلے ہم لکھ چکے ہیں۔ کہ یہ مثل سُورج وغیرہ کے پرتیک نہیں۔ یہ فقط ایشور کا ایک نام ہے۔ اِس نام کے ذریعہ سے ایشور کو جان کر اُس کی عبادت حضوری قلب سے کرنا چاہیئے۔ یہ ایشور کا ایک خاص نام ہے۔ اِس کا بیان

آگے کریں گے۔ اب تم لوگ غور کر سکتے ہو۔ کہ شنکر آچاریہ جی
نے جو یہ کہا تھا کہ جس طرح پرتما میں وشنو کا دھیان ہوتا ہے
ویسے ہی اونکار میں بھی برمھ کو سمجھے سو کہاں تک ٹھیک ہے۔
اے طالبانِ حق! شنکر آچاریہ کے بھاشیہ سے جو تم لوگوں کو
بھرم ہُوا ہے۔ اُسکو چھوڑو۔ شنکر آچاریہ کا اودیت واد (ہمہ اوست)
اِن دونوں مکالموں کے رُو سے بالکل غلط ثابت ہوتا ہے۔
شنکر آچاریہ نے اِس امر پر سب سے زیادہ زور دیا ہے۔ کہ
جو وید اور اوپنشد کے خلاف ہے۔ اُس کو ہرگز تسلیم نہ کرنا
چاہیئے۔ آپ سوچیں اگر یہ جگت برمھ ہی ہوتا۔ تو اشوپتی اُس کی
اُپاسنا کی کیوں تردید کرتا۔ اور اگر اس جگت میں جو پدارتھ شکتی
(خاصیت اجسام) ہے۔ وہی برمھ ہوتی۔ تو اجات شترو آدتیہ
پُرش وغیرہ کی اُپاسنا کو کیوں ناجائز بتاتا۔ یا جیسے وشنو کی
اُپاسنا سالگرام میں ہوتی ہے۔ اسی طرح آفتاب وغیرہ
میں برمھ کی اُپاسنا کرنی چاہیئے۔ اگر رشیوں کا یہ منشا ہوتا
تو اجات شترو آفتاب پرستی وغیرہ کی ممانعت نہ کرتا۔ اگر کہو کہ
اونکار رُوپ ادھشٹھان میں برمھ کی اُپاسنا کرنے سے کوئی حرج
نہیں۔ تو یہ بھی درست نہیں۔ اس پرکرن میں صاف طور پہ کہا گیا ہے
کہ شبد کو بھی ادھشٹھان مان کر برمھ اوپاسنا کرنا مناسب نہیں
پھر ایسی حالت میں شری شنکر آچاریہ جی کا قول کیونکر تسلیم
کیا جا سکتا ہے۔ اب تم اِن دونوں مکالموں پہ غور کرو۔ کہ

شنکر آچاریہ کا دعویٰ کہاں تک اوپ نشدوں کے مطابق ہے - جب کبھی شنکر آچاریہ نے دوسروں پر اعتراض کئے ہیں - تب بڑے زور سے کہا ہے - کہ وید کے خلاف ہونے سے فریق مخالف کا قول واجب الترک ہے - اُپنشدوں کو بھی شنکر آچاریہ وید ہی مانتے ہیں - مگر تعجب یہ ہے - کہ خود وید کے خلاف سدھانت بتلاتے ہیں +

پانچواں باب

لفظ اوم میں جو تین حروف ہیں اُن کے معنی دقیق کا بیان

(۱) ہم دیکھتے ہیں کہ अ + उ + म اِن تین حروف سے لفظ اوم مرکّب ہے - یعنی لفظ اوم میں تین حروف ہیں جب لفظ اوم لکھا جاتا ہے - تب ओ اور म کے بیچ میں تین کا ہندسہ لکھا جاتا ہے - جب کسی منتر کے شروع میں اوم شبد لکھا یا بولا جاتا ہے تو پانینی سوتر کے مواقف

پلُت (دراز) ہو جاتا ہے۔ یعنی اوم تین ماتر والا جاتا ہے۔ اسی
وجہ سے جب لفظ اوم لکھتے ہیں تو اوم کے آگے ۳ کا ہندسہ
لکھ دیتے ہیں۔ یہ تین کا ہندسہ خاصہ پلُت (دراز) کا مظہر
ہے۔ (۳) اونکار کا نام بھی تین ہی حروف کا ہے۔ پرنتو ورج
آدگنتھ (۴) اس اوم کے آگے جپ کرنے کے وقت تین ہی
مہا ویا ہرتیاں۔ بھُو۔ بھُوَہ۔ سُوَہ شامل کر دیتے ہیں اگر چہ
مہاویاہرتیاں سات ہیں (بھُو۔ بھُوَہ۔ سُوَہ۔ مہہ۔ جنہ۔ تپہ۔ ستیم)
مگر جپ کے وقت تین ہی ویاہرتیاں شامل کی جاتی ہیں (۵) پھر
ان تین مہاویاہرتیوں کے آگے تین ہی پد والی گایتری لگائی
جاتی ہے۔ گایتری سات چھندوں (بحروں) میں سے فقط ایک
چھند کا نام ہے۔ وہ تین پدوں کی ہوتی ہے۔ ہر ایک پد میں
آٹھ اکشر (حروف) ہوتے ہیں تینوں پد ملا کر ۲۴۔ اکشروں کی
گایتری ہوتی ہے (۶) اُپنشد اور دھرم شاستر کے مطابق
تین ویدوں سے تینوں اکشر لئے گئے ہیں۔ اِس طرح دیکھنے سے
تعجب ہوتا ہے کہ اِس اونکار کے ساتھ تین کا الحاق کیونکر
ہے۔

۱ ویدک بھاشا میں دیکھتے ہیں۔ کہ "اوم شانتیۃ۔ شانتیۃ۔ شانتیۃ"
اسی طرح لفظ شانتی تین بار ہی کہا جاتا ہے (۲) بوہ؟ وغیرہ
مبارک کاموں میں وشٹرو۔ وشٹرو۔ وشٹرو پادیم۔ پادیم۔ پادیم
[1] विष्टरो विष्टरो विष्टरो। [2] पाद्यं पाद्यं पाद्यं ॥

پادیم - ارگھو - ارگھو - ارگھ - آچمنیام - آچمنیام - آچمنیام
وغیرہ -

ایک ایک لفظ کو تین تین بار کہتے ہیں (۳) مصنف نروکت
مقدم دیوتا تین ہی مانتا ہے - آدتیہ - وایو - اگنی (۴) صبح -
دوپہر - شام تین ہی اوقات ہیں (۵) اگنی بھی تین ہی مانی
گئی ہیں - گارہ پتیہ - آہونیہ - دکشناگنی -

(۶) وید منتروں کی بناوٹ بھی تین ہی قسم کی ہے - رگ (نظم)
سام (موسیقی) - یجو (نثر) - (۷) جنیؤ (زنار) بھی تین ہی تاگے
کا ہوتا ہے - (۸) برہمن برن - چھتری برن - ویش برن شاستر
کے رو سے یہ تین ہی قسم کے برن (ذاتیں) ہیں - (۹) ماں
باپ - اُستاد یہی تین گرو مانے گئے ہیں (۱۰) سانکھ شاستر
میں ادھیاتمک (بخار وغیرہ سے ہونے والے دکھ) ادھی دیویک
(زلزلہ اور ہوا کی ناپاکی سے ہونے والے دکھ) ادھی بھوتک (جو
دوسرے جانداروں سے تکلیف پہنچتی ہے) تین قسم کے ہی دکھ
کہے گئے ہیں - (۱۱) ستوگن رجوگن اور تموگن یہی تین پدارتھ یا
گن کہے گئے ہیں (۱۲) ایشور - جیو اور پرکرتی - یہ تین ہی انادی

---

۱ अर्घोऽर्घोऽर्घः ।

۲ आचमनीयम् । आचमनीयम् ।
आचमनीयम् ।

پدارتھ ہیں ۔ وغیرہ وغیرہ ۔

تثلیث

ویدک بھاشا میں ہیں (۱۳) پورانوں میں برہما ۔ وشنو ۔ مہیش تین دیوتا مہالکشمی ۔ مہاسرستی ۔ مہاکالی ۔ تین دیویاں ۔ تری وکرم (تین قدم والا) ترلوک (تین لوک) ۔ مہادیو کے ساتھ ترسول ۔ ترپنڈ وغیرہ (۱۴) صرف ونحو میں ماضی ۔ مستقبل و حال تین زمانے ۔ تین وچن تین پُرش (ضمیر) مانے گئے ہیں (۱۵) بچپن ۔ جوانی ۔ بڑھاپا تین اوستھائیں وغیرہ (۱۶) کرسچین لوگ باپ ۔ بیٹا ۔ روح القدس تین خدا کو مانتے ہیں ۔ وغیرہ ۔ بشیمار چیزوں کا بیان تین سے ہوتا ہے ۔ اب غور کرنا چاہیے ۔ کہ یہ سب کیا ہیں ۔ اور ان میں کیا سچائی ہے اور اونکار میں تین حروف سے خاص مطلب کیا ہو سکتا ہے ۔ یہ اس اونکار کے تین اکشر جتلاتے ہیں ۔ کہ کائنات کی علت مائے اولیں (قطعی صداقتیں) تین ہی ہیں ۔ ایشور ۔ جیو اور پرکرتی ۔ یہ تین ہی ازلی و ابدی ہستیاں ہیں کم و بیش نہیں ۔ ان تینوں کو کماحقہ جاننے سے انسان راحت حقیقی کا مستحق ہو سکتا ہے ۔ ان تینوں کے علم کے لئے تری ودیا (وید) کی تحصیل کی ضرورت ہے ۔ اسی سبب سے برہمچاری تین تار کا جنیو وغیرہ پہنکر برہمچریہ کو دھارن (اختیار) کرتے ہیں اور تری ودیا کی تحصیل کرتے ہیں

اِسی سے تینوں رِن (فرائض) تینوں دُکھ وغیرہ دور ہوتے ہیں
اِسی سے ماتا۔پتا۔آچاریہ تینوں گورو خوش رہتے ہیں۔اِسی
سے تینوں سونوں (. . . . .) کی اُپاسنا ہوتی ہے۔
وغیرہ وغیرہ۔ لفظ اونکار کے لطیف معنوں پر روزمرہ غور کرو
اور اُس کے مطابق کاربند ہو۔ بخوف طوالت ہم اسبارہ میں
زیادہ نہیں لکھ سکتے۔ آپ لوگ خود اسکو بار بار غور سے پڑہیں
تب آپ پر خود بخود حقیقی مطلب روشن ہونے لگیگا ؛؛

لفظ اونکار کی پُراسرار بناوٹ

حرف اکار کی خصوصیت } (۱) دیکھو اِس اوم میں اکار۔ اوکار اور مکار تین حروف ہیں (۲) رگوید
کا آغاز حرف اکار سے ہُوا ہے اور انگریزی اردو وغیرہ
سب زبانیں اکار ہی سے شروع ہوتی ہیں۔ انگریزی میں
اکار کا قایمقام A اور اردو میں الف مانا گیا ہے ؛؛

علم صرف و نحو کے علاّمہ پانینی اپنی کتاب اشٹادھیائی کو
اکار ہی سے شروع اور اسی پر ختم کرتے ہیں۔ دیکھو مہرشی
پانینی نے حرف اکار کی کتنی عزت کی ہے۔ آپ میں سے
اکثر لوگ یہ کہیں گے کہ یہ ایک امر اتفاقیہ ہے۔ مگر فی الحقیقت
ایسا نہیں ہے۔ مہرشی پانینی نے جان بوجھ کر اشٹادھیائی

کے آغاز و انجام میں اکار کا استعمال کیا ہے۔ اُنہوں نے
لفظ اوم کا اشتقاق ایسے مصدر سے ثابت کیا ہے۔ جس
کے شروع میں اکار ہے۔ یعنی (اوم) अव دھاتو سے اور
دھاتو پاٹھ میں آوَ अव دھاتو کے جتنے معنے کئے گئے
ہیں اُتنے معنے اور کسی دھاتو کے نہیں ہیں۔

(۲) سنسکرت کے جتنے ویَنجن (کانسوننٹ یا حرف صحیح)
حروف بچوں کو اوّل سکھائے جاتے ہیں۔ وہ سب کے سب
حرف اکار سے ملے ہوئے رہتے ہیں یعنی क ख ग घ
وغیرہ حرفوں میں अ شامل ہے۔ کیونکہ اُن کی ذاتی شکل
क् ख् ग् घ् وغیرہ ہے۔ جس کو سنسکرت ویاکرن
کی اصطلاح میں ہَل کہتے ہیں۔ ویَنجن
حروف کا سُوَر (   ) کی امداد کے بغیر
تلفظ ادا نہیں ہو سکتا۔ اِس لئے ہر ایک ویَنجن میں حرف
اکار ملا کر بچوں کو پڑھایا جاتا ہے۔ اب جائے غور ہے۔ کہ اگر
حروف الف کا موجد چاہتا تو क ख ग घ وغیرہ کی
بجائے कि खि गि घि وغیرہ بنا سکتا تھا۔ یا زبان
انگریزی و اردو کی مانند کسی میں इ کسی میں उ
وغیرہ سُوَر لگا کر پڑھاتا۔ جیسے بی۔ سی۔ ڈی۔ جی کے
ابتدائی حروف ہیں۔ جن میں ای۔ اے وغیرہ حروف فضول
ہیں۔ اسی طرح के खे गे घे وغیرہ بنا خوالا

بنا سکتا تھا۔ ایسا نہ کر کے سب وتھنوں میں اکار ہی کو
ملایا ہے۔ یہ کیسی عجیب بات ہے۔

لفظ اوم اور سنسکرت کی رسم الخط میں سنسکرت میں حروف
ऌ، ऋ، उ، इ - अ پانچ ہی ہرسو سُور ہیں۔ کم و بیش
نہیں ہیں۔ اور فی الحقیقت ہیں بھی پانچ ہی سور انہیں میں
دو دو حروف ملکر औ ओ ऐ ए بن گئے ہیں۔ جیسے :-

अ + इ = ए । अ + ए = ऐ । अ + उ = ओ । अ + ओ =
औ । अ + अ = आ । इ + इ = ई । उ + उ = ऊ
ऋ + ऋ = ॠ ॥

جب اس پر خوب غور کروگے تو یہی پانچ سُور سنسکرت میں پاؤ
گے۔ اب آپ کو ایک عجیب و غریب بات اونکار کے متعلق بتاتا
ہوں۔ دھیان لگا کر سنو۔ ان پانچ سوروں میں پہلا حرف
अ ہے اور ओम् میں بھی حرف اول अ ہے :-
ان پانچ سوروں میں حرف درمیانی उ ہے۔ اور
ओम् میں بھی حرف درمیانی उ ہے۔ اب رہ گیا
مکار मकार اس کی کیفیت یوں ہے۔ کہ سنسکرت حروف تہجی
میں ورگ (تختیاں) بھی پانچ ہی ہوتی ہیں یعنی کورگ۔ چورگ
ٹورگ۔ تورگ اور پورگ
پانچ پانچ حروف ملکر ایک ورگ کہلاتا ہے۔ اب دیکھو اِنہا

پانچوں ورگوں میں آخری حرف म ہے اب لفظ اوم کو دیکھو اس میں
بھی म آخری ہے۔ کیا یہ اتفاقیہ بات ہو سکتی ہے؟ ہرگز نہیں
رشیوں نے دیدہ و دانستہ یہ حکمت رکھی ہے۔ لفظ اوم کے مطابق
ہی اپنے حروف کو بنایا ایشور کی طرف کھینچ کر لیجانے کی یہ سب
تدبیر ہے۔ اے حق پسندو! تم یاد رکھو رشی لوگ ہمیشہ ایشور
ہی میں محو رہتے تھے۔ اُسی کو اپنی چاروں طرف دیکھتے تھے۔
اس سبب سے اُن کے تمام کاموں میں تمام وچاروں میں ایشوری
بھاؤ ہی دیکھو گے۔ کیا تم لوگ بھی اس طرح اپنے دل کو یکسو
نہیں کر سکتے ہو؟

اونکار اور رشیوں کا منشاء اگرچہ لفظ اوم برمھ کا مرادف ہے۔
اس بارہ میں کئی ثبوت بیشتر دیئے
گئے ہیں۔ اور آئندہ بھی دیئے جائینگے۔ مگر اس بات کا دھیان
رکھو کہ جب یہ لفظ اوم اپنی ترکیب سے علیحدہ ہو کر جداگانہ
تین حروف میں منقسم ہو جاتا ہے یعنے म، उ، अ میں تب
وہ فقط برمھ کا مظہر نہیں رہتا۔ بلکہ اکار سے برمھ کو اوکار
سے جیو کو اور مکار سے مایا یعنے مادہ کو ظاہر کرتا ہے۔ اب
یہ بات بخوبی آپ کے ذہن نشین ہو جائیگی۔ کہ رشیوں نے کیونکر
اپنی اکشر مالا (الف بے) کے شروع میں अ درمیان
میں उ اور آخر میں म رکھ کر ओम् کے ساتھ مطابقت
کی ہے۔ رشیوں کے خیالات لطیف ہوتے ہیں۔ اگرچہ بحیثیت

اکثر (حرف) کے اوم میں کوئی ایسی خصوصیت نہیں ہے مگر بلحاظ اسم اعظم ہونے کے بڑی تخصیص ہے۔ اب سنسکرت کی رسم الخط کی گہرائی پر غور کرو۔ دیکھو ایشور علت اولیٰ ہے۔ جو جیو اور مادہ میں بلکہ غائب یعنی غیر مرئی ہو رہا ہے۔ اِس سبب سے ہمارے رشیوں یعنی حقایق الاشیاء کے عالموں نے اپنی رسم الخط میں بھی پہلا حرف اکار ہی رکھا ہے۔ جو مُظہر ہے برمھ کا۔ اور جس طرح پر یہ سب میں ویاپک یعنی محیط ہو رہا ہے مگر دکھائی نہیں دیتا فقط وہ اشیاء ہی کہ جن میں وہ ویاپک ہے نظر آتی ہیں۔ برمھ نظر نہیں آتا۔ اسی طرح تم دیکھتے ہو۔ کہ क ख وغیرہ سب ویَنجنوں (حروف صحیح) میں برمھ رُوپ کا مظہر اکار ویاپک ہو رہا ہے۔ مگر ظاہر نہیں ہوتا۔ فقط ویَنجن ہی ظاہر ہوتا ہے۔ اِس سے یہ دکھلانا مقصود ہے کہ برمھ سرو ویاپک ہے۔

اِس تخصیص پر خوب غور کرو۔ جیسے جیسے بچے الفاظ سیکھتے جاتے ہیں۔ ویسے ویسے اُن کو علم اِس امر کا ہوتا جاتا ہے کہ اِن سب क ख وغیرہ حروف میں اکار مِلا ہُوا ہے۔ اِسی طرح اِس جگت میں پہلے پرکرتی اور جیو ہی نظر آتے ہیں۔ برمھ نظر نہیں آتا۔ مگر جوں جوں شاستروں کو پڑھتا اور غور کرتا جاتا ہے۔ تیوں تیوں عقلمند آدمی کو پرکرتی اور جیو میں ویاپک برمھ محسوس ہونے لگتا ہے ::

دوسری خصوصیت یہ ہے کہ جیسے میں ابھی کہہ چکا ہوں اوم
سے برہم (अ) سے جیو (उ) سے مایا یعنی پرکرتی مراد ہے
اِس اوم شبد میں جو اکار اور اوکار ہیں۔ وہ سور ورن (حرف
علت) ہیں۔ اور آپ جانتے ہو کہ سوروں (حروف علت) کا
تلفظ بلا اعانت کسی حرف وغیرہ کے بذاتہ ہوتا ہے۔ یہ اُن کا
ذاتی خاصہ ہے۔

اب دیکھو پرماتما اور جیو آتما کے مظہر الفاظ (अ) (उ) سور
(حرف علت) ہیں۔ یعنی اِس سے یہ دکھایا گیا ہے۔ کہ سور کی
مانند پرماتما اور جیو آتما خود مختار و آزاد ہیں۔ دوسروں کی مدد کے
محتاج نہیں۔ پرماتما سوتنتر ہے۔ اِس میں تو ذرا بھی شُبہ نہیں
مگر فعل کے کرنے میں جیو آتما بھی مختار مطلق ہے۔ اِسی طرح
یہ دونوں سوتنتر (آزاد) ہیں اور دونوں چیتن (ذی شعور) ہیں۔

مکار اور سنسکرت کی رسم الخط } اب پرکرتی کی طرف غور کرو۔ پرکرتی جڑ یعنی غیر ذی روح
ہے۔ چیتن پرماتما اور جیو آتما کے بغیر وہ کچھ نہیں کر سکتی۔ اسی وجہ
سے پرکرتی کا مظہر مکار۔ جو اوم شبد میں موجود ہے۔ ویانجن ورن
(حرف صحیح) ہے۔ یعنی جس طرح ویانجن ورن (حرف صحیح) سور ورن
(حرف علت) کی مدد کا محتاج ہے۔ اُسی طرح مکار شبد کی مظہر
پرکرتی (مادہ) بھی ایشور اور جیو کی مدد چاہتی ہے۔ اسی وجہ
سے پرکرتی کا مظہر ویانجن مکار رکھا گیا ہے۔ دیکھو رشیوں کا

کیسا نازک خیال ہے۔

ایک نکتہ ہم آپ لوگوں کو اور بتانا چاہتے ہیں۔ غور سے سنو۔ سنسکرت زبان میں مکار کا انوسوار ہو جاتا ہے۔ یعنی یہہ نقطہ کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ انوسوار ہو جانے پر یہ مکار سب حرفوں کے سر پر چڑھ جاتا ہے۔ اِس سے ثابت ہوا کہ مکار سب حروف میں زبردست ہے۔ جیسے مایا (مادّہ) کا مظہر حرف مکار حروف میں زبردست نظر آتا ہے۔ ویسے ہی سب جیووں کے بیچ مایا نہایت زبردست ہے۔ یاد رہے۔ کہ جب مکار حرف کے آخر میں رہتا ہے۔ تب ہی انوسوار ہوتا ہے۔ اور تب ہی سر پر چڑھتا ہے۔ لفظ کے آخر کا مطلب یہ ہے کہ پد کے آخر میں ہو۔ اُسی حالت میں ایسی شکل قبول کر سکتا ہے۔ ورنہ اس کی بھی بڑی دُردشا (ذلیل حالت) ہوتی ہے۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مایا (مادہ) کو جس قدر مختار کرتے جاؤ گے اُسیقدر وہ سر پر سوار رہیگی۔ لیکن جب اُسے دباتے جاؤ گے تو اس کا سروپ بھی بدلتا جائیگا۔ اور ایک نہ ایک دن اُسکو تم بالکل مطیع و محکوم بنا لو گے۔

اے طالبانِ حق! شاید اس موقعہ پر آپ لوگوں کو ایک شُبہ پیدا ہو گیا ہوگا۔ کہ ایشور کے سر پر بھی مایا سوار ہو جاتی ہوگی۔ سُنئے علم صرف و نحو کا یہ اصول ہے۔ کہ انوسوار سوَر وَرن (حرف علت) کا خاصہ نہیں ہے۔ بلکہ سور ورن سے علیٰحدہ انوسوار

اگرچہ لکھنے میں अ + ० کے برابر ہے अं یعنی ہوتا ہے۔
انوسوار سب اکشروں کے اوپر رہتا ہے۔ لیکن دراصل یہ
انوسوار۔ سور ورنوں (حروف علت) سے علیحدہ ہی رہتا ہے۔

مَیں نے پہلے جو کہا ہے۔ وہ ایک رہسیہ مارگ ہے۔ اور آجکل
کے طریقہ تحریر کے مطابق کہا ہے۔ اس لحاظ سے ایشور کے
سر چڑھنا تو درکنار فی الحقیقت پرکرتی اور جیو کے سر پر بھی نہیں
چڑھ سکتی۔ کیونکہ جیو چیتن ہے اور پرکرتی جڑ ہے۔ ہاں لوک
میں ایسا نظر آتا ہے۔ البتہ کبھی کبھی سور ورن انوناسک
کی شکل اختیار کرلیتا ہے۔ اور انوناسک کا یک گونہ مثل انوسوار
تلفظ ہوتا ہے۔ اُسوقت پانِنی کے ویاکرن کے مطابق سور کا
خاصہ بن جاتا ہے۔ سو تم جانتے ہو کہ یہ لوکک درشٹی (دُنیاوی نظر)
سے بیان کیا گیا ہے۔ یہ ویاکرن کا ایک علیحدہ مضمون ہے جس
کے بیان کی یہاں ضرورت نہیں۔ تم یہ ضرور سمجھو۔ کہ پرکرتی بھی
ایشور کی بڑی عزیز ہے اگر وہ نہ ہوتی تو ایشور کی مہماں (جلال)
ہم جیوؤں کو کس طرح معلوم ہوتی۔ اسوجہ سے پرکرتی بھی ہم کو
ایشور کی طرف لے جاتی ہے۔ یہ خوب سمجھنے کی بات ہے۔ کہ ایشور
کا یہ سبھاؤ (طبعی خاصہ) ہے کہ پرکرتی کو پھیلاتا ہے۔ اور اپنے
قانون کے مطابق پھر اُسکو درہم برہم کرتا ہے۔ اب یوں سمجھو
کہ جیسے انوناسک سور کا ایک خاصہ ہے۔ ویسا ہی پرکرتی کو ظاہر
و غائب کرنا ایشور کا خاصہ ہے۔ اسی سبب سے سنسکرت میں

راز رکھا گیا۔ خیر مایا کی بھی کچھ کم طاقت نہیں ہے۔
مختلف اقسام کے تانترک منتر ہوا کرتے ہیں سب میں ... .. مکار کا انوسوار ہی ہوتا ہے۔ جو تنتر میں نقطہ کہلاتا ہے۔ اسکا سبب یہ ہے کہ تنتروں میں مایا کو ہی سب پر فوقیت دیگئی ہے۔ برمہا۔ بشن۔ مہادیو۔ یہ تینوں دیوتا دیوی کے خادم مانے گئے ہیں۔ اسوجہ سے تانترک لوگ مایا کے مظہر مکار کو سب حرفوں کے اوپر رکھتے ہیں۔ یہی اِسکا پوشیدہ راز ہے۔
اس کے علاوہ ویاکرن کے مطابق ॐ کے بجائے ओम اور ॐ کے بجائے ओम وغیرہ ہونا چاہیئے تھا۔ لیکن تنتر میں ایسا نہیں ہوتا ہے۔ اسکا باعث فقط یہی ہے کہ تانترک لوگ مایا کا درجہ گھٹانا نہیں چاہتے ہیں۔ اگرچہ تنتر میں اونکار کے ویدک معنی بھی لئے گئے ہیں اور ویدک لفظ اونکار بھی رکھا گیا ہے۔ تو بھی اِن کا راستہ سب سے نِرالا ہے ﴿

اکار اور جیو } تم یہاں یہ بھی دیکھتے ہو کہ اکار اور مکار کے بیچ میں اُکار ہے۔ جو جیو یعنے روح کا مظہر ہے۔ اِس سے کیا اُپدیش ملتا ہے؟ تم روزمرہ کی زندگی میں دیکھتے ہو کہ کبھی یہ جیو برمہ کی جانب اور کبھی پرکرتی (مایا) کی طرف مایل ہوتا ہے۔ تم نے کبھی بچوں کا کھیل دیکھا ہوگا۔ کبھی ایک لڑکا اپنے دوست کا ایک ہاتھ پکڑکر اپنی طرف کھینچتا ہے اور دوسرا لڑکا اُس کے دوسرے

ہاتھ کو پکڑ کر اپنی طرف کھینچتا اور کہتا ہے۔ کہ دوست میرے ساتھ چلو مگر بیچ کا لڑکا چپ چاپ کھڑا رہتا ہے۔ کھینچنے والوں میں سے جس کی قوت زیادہ ہوتی ہے۔ وہ اپنے پیارے دوست کو اپنی طرف زبردستی کھینچ لیجاتا ہے۔ اسی طرح یہہ جیو دونوں کے درمیان ہے۔ ایشور اس کو اپنی طرف اور پرکرتی اپنی طرف کھینچتی ہے۔ اگرچہ ایشور قادر مطلق ہے۔ اگر وہ چاہے تو اس کو اپنی طرف کھینچ کر لے جائے۔ مگر تم جانتے ہو کہ ایشور نے اس جیو کو فعل کے کرنے میں آزادی دے رکھی ہے جیو فعل مختار ہے۔ اس سبب سے ایشور فقط اشارہ کرتا ہے کہ اے جیو میری طرف آ۔ تیری بھلائی اسی میں ہے۔ انسان کے دل میں ہمیشہ سوجھاتا رہتا ہے۔ یہی ایشور کا کھینچنا ہے مگر جیو کا بیچارہ بہت ہی حقیر و ناچیز ہے۔ اپنے انجام بخیر کی حقیقت کو سمجھ نہیں سکتا۔ دوسری پرکرتی کی جگمگاہٹ دیکھ کر اس طرف جھک جاتا ہے۔ اس کے بعد جب پرکرتی کی دغابازی اس کو معلوم ہوجاتی ہے۔ اسوقت اسے ہوش آتا ہے۔ تب پھر اپنے عزیز دوست پرماتما کی طرف دوڑتا ہے۔ ایسی حالت میں جو ایشور بڑی محبت سے اس کو اپنی پناہ میں لے لیتا ہے۔ اس امر سے آگاہ کرنے کیلئے جیو آتما کے مظہر لفظ اُ کو بیچ میں قایم کیا گیا ہے ؛

باب ششم

بمقابلہ دیگر ناموں کے اونکار کی فضیلت

اگرچہ ایشور کے اگنی - وایو - اندر - ورن - سوِتا وغیرہ بیشمار نام ہیں - کیونکہ اس کے اوصاف اننت ہیں - اس لئے اس کے نام بھی بیشمار ہیں - لیکن ان سب ناموں میں اوم نام ہی افضل ہے - اس کی عظمت و فضیلت کا بیان باب ہائے ماسبق میں ہو چکا ہے - ابھی بہت کچھ کہنا باقی ہے - جس قدر اس پر غور کرو گے - اسی قدر اس کی خوبی و لطافت ظاہر ہوتی جائیگی - پرماتما کی عظمت و قدرت کی کوئی حد و انتہا نہیں - اس لئے کس کس انداز سے دیگر الفاظ کو بیان کیا ہے - ہمیشہ قابل تحقیق ہے - کیونکہ انسان کی پیدائش محض گیان کی ترقی کے لئے ہی ہوئی ہے ؛

پرماتما کی ذات کو ظاہر کرنیوالے جتنے الفاظ ہیں - اُن میں

سے کوئی تانیث۔ کوئی تذکیر۔ کوئی خنثیٰ ہے۔ ویدوں میں آدتیہ۔ بھومی وغیرہ۔ جو ایشور کے بھی نام ہیں سب مؤنث ہیں۔ اندر وغیرہ مذکر۔ برہم لفظ مخنث ہے۔ یعنی سب الفاظ ایک حالت میں قایم نہیں رہتے۔ ان کی صورتیں بدل جاتی ہیں۔ اسیطرح جتنے برہم کے ظاہر کرنیوالے الفاظ ہیں وہ تغیر پذیر ہیں۔ مگر لفظ اوم لاتغیر ہے۔ ویسے ہی جیسے کہ وہ ذات پاک غیر متغیر ہے۔ جس کا کہ یہ ذاتی نام ہے۔ پس یہ خصوصیت صرف اسم اعظم ادم میں ہی ہے۔ اور کسی نام میں نہیں۔ اس لیئے یہ لفظ اوم سب سے افضل و اعلےٰ ہے۔ اور پرماتما کا حقیقی و ذاتی نام یہی ہے۔ پرماتما کے اور جتنے نام ہیں وہ سب کثیر المعنی ہیں مگر اوم نہیں یہ صرف اُسی ذات واحدہٗ لاشریک کا مظہر ہے۔

اوم بمعنی قبولیت۔ یگیہ میں جب ایک رتوک۔ دوسرے رتوک سے کہتا ہے۔ کہ فلاں کام اب کرو۔ تو وہ جواب میں اوم کا اوچارن کرتا ہے۔ آپ نے آجکل بھی کسی کسی برہمن کو پوجا کے وقت دیکھا ہوگا۔ کہ وہ کچھ نہیں بولتا ہے۔ اگر کسی وجہ سے مجبوراً بولنا پڑتا ہے۔ تو وہ سنسکرت ہی بولتا ہے۔ کیونکہ وہ بھاشا بولنا ناپاک سمجھتا ہے۔ گو رشیوں کے زمانہ میں ایسا خیال نہ تھا۔ مگر اس لحاظ سے کہ یگیہ سے مقدس کام میں حتی الامکان برھمہ کا ہی نام لینا چاہیئے۔

ں کا جواب فقط "ہاں" یا "ہاں کرتا ہوں" ہو سکتا تھا۔ بجائے
ں کے لفظ اَوم استعمال کیا گیا۔ اِس طرح یہ لفظ پہلے یگیہ
ں بمعنی اقرار استعمال کیا گیا۔ پھر ہوتے ہوتے یہ لفظ عام
رپر اِن معنوں (قبولیت یا اقرار) میں مستعمل ہونے لگا۔
، آپ بخوبی سمجھ گئے ہونگے۔ کہ واقعی یہ لفظ اَوم برمحمہ ہی
مظہر ہے۔ اب ہمیں یقین ہے کہ آپ کو اِس نام کی بزرگی
تقدیس میں کوئی شُبہ نہ رہا ہوگا۔

نگیاسو "ہاں ہم کہ اب اس کی افضلیت میں کچھ بھی شک
یں رہا۔ اور یہ بھی تحقیق ہو گیا کہ پرماتما کا اصل نام یہی
وم ہے۔ مگر اس کی تعریف سُن کر ابھی سیری نہیں ہوئی۔
ں براہِ نوازش کچھ اور بھی اِس کی تعریف بیان کیجئے۔ کیونکہ
ماتما کے گُنوں (صفات) کی جس قدر تعریف سُنی جائے۔ اُسی
انتہ کرن (قلب) پاک اور مسرور ہوگا۔ اور اُس کی بزرگی و
ل ظاہر ہوتا جائیگا۔ لہٰذا کچھ اور بھی بیان کیجئے۔"

اچھا غور سے سُنو!

رپہ بیان ہو چکا ہے۔ کہ ہر ایک وید منتر کے آغاز و انجام
ں لفظ اوم کا استعمال کرنا ضروری ہے۔ غور کرو کہ اول
ید منتر ہی پاک دوم وہ پرماتما کی صفات کے ظاہر کرنیوالے
، پھر بھی بغیر اَوم کے پڑھے نہیں جاتے۔ اس سے
ڑکر لفظ اَوم کی فضیلت و تقدیس اور کیا ہو سکتی ہے

فقط وید میں ہی نہیں بلکہ پُران تنتر ادبھاشا کی جتنی کتابیں دُنیا میں ہیں اُن میں جو جو منتر کہے گئے ہیں اُن سب میں لفظ اوم موجود ہے۔ آپ ہر ایک کے شروع میں لفظ اوم کو استعمال دیکھیں گے۔ پس اس کی فضیلت میں شمہ بھر بھی شک و شبہ کی گنجائش نہیں۔ آگے ہم امر کا بیان مختصر طور پر کیا جاتا ہے۔

منتر کے شروع و آخر میں اوم

منوجی مہاراج کا ارشاد ہے کہ:- "ہر ایک منتر کے شروع و آخر میں پرنو (اونکار) کا اوچارن کرنا چاہیئے۔ جو وید کا پڑھنے والا شروع میں اوم کا اوچارن نہیں کرتا۔ اُسکو وید پڑھنے کا ثواب حاصل نہیں ہوتا (علیٰ ہذالقیاس) جو منتر کے آخر میں اوم کا اوچارن نہیں کرتا۔ اُس کا پڑھنا بھی لاحاصل ہے" ۱؎

یہی ہدایت گوپتھ براہمن کی ہے:- عالموں سے اونکار کہتا ہے کہ اوّل مجھے نہ پڑھ کر جو وید کو پڑھیں اُن کا پڑھنا بیکار ہوگا ۲؎

۱؎ ब्राह्मणः प्रणवं कुर्यादादावन्ते च सर्वदा।
स्रवत्यनोङ्कृतं पूर्वं परस्ताच्च विशीर्यते॥

۲؎ न मामनीरयित्वा ब्राह्मणाः ब्रह्म वदेयुः।
यदि वदेयुरब्रह्म स्यात्। गोपथ प्रपाठक १।२३

یہ ارشاد استعارہ کے رنگ میں بطور مکالمہ کے ہے۔ اِس کا مطلب یہ ہے کہ بدوں اونکار کے وید کا پڑھنا ہمیشہ ممنوع ہے۔ یہی فرمان چھاندوگیہ اُپنشد کا ہے:۔ "جیسے درخت کے سب پتے رگ و ریشوں سے پیوستہ ہوتے ہیں۔ ویسے ہی سب وید بانی اوم سے پیوستہ ہے۔ اونکار کا مبیّن برہم سب کچھ ہے۔ وغیرہ" [1]

ان حوالہ جات سے ثابت ہے کہ منتر کے شروع میں اونکار کا اُچارن کرنا نہایت ضروری ہے۔

سری کرشن جی گیتا میں فرماتے ہیں کہ:۔

"اِس لئے اوم کا اُچارن کرکے برہم دیا پرشوں (عارفوں) کے باقاعدہ یگیہ۔ خیرات و ریاضت وغیرہ جملہ اعمال حسنہ انجام پاتے ہیں" [2]

آپ لوگ آجکل بھی برہمنوں کو کرم کراتے ہوئے دیکھتے ہونگے

[1] तद्यथा शङ्कुना सर्वाणि पर्णानि सन्तृणानि एवमोङ्कारेण सर्वा वाक् सन्तृण्णा। ओङ्कार एवेदं सर्वम्। छा० उ० २।२।२३।३॥

[2] तस्मादोमित्युदाहृत्य यज्ञदानतपःक्रियाः प्रवर्तन्ते विधानोक्ताः सततं ब्रह्मवादिनाम्। गीता १७।२४॥

کہ سب کاموں کے شروع میں وہ اوم کا اچارن کرتے ہیں۔ اسی طرح خاتمہ پر بھی اوم شبد کا اوچارن کر کے کرم سماپتی (خاتمہ) کرنی چاہیئے۔ مگر خاتمہ پر اوم اچارن کی ودھی (طریقہ) کو یہ لوگ بھول گئے ہیں۔ لیکن جو جانتے ہیں وہ کرتے اور کرواتے ہیں۔ ایک بات اس جگہ قابل ذکر ہے۔ وہ یہ کہ جب سے شودروں کے لئے ویدوں کا پڑھنا پڑھانا سننا سنانا قطعاً ناجایز ٹھیرایا گیا ہے۔ اسوقت سے آدھونک (آجکل کے) برہمن لوگ کرم کروانے کے وقت بجائے اوم کے "نمہ" استعمال کرنے لگے ہیں۔ کیونکہ وے شودروں کو اس کے (اوم کے) سننے بولنے کا مجاز نہیں مانتے۔ مگر یہ ان کی جہالت ہے۔ اوم پرماتما کا سب سے پیارا نام ہے۔ اس سے کسی کو بھی محروم نہیں رکھنا چاہیئے یعنی چانڈال کو بھی اوم شبد سناؤ۔ شاید اس تلقین سے اچھا چلن اختیار کرے۔ جب سے لفظ اوم گپت رکھا جانے لگا تب سے ہی رام۔ کرشن وغیرہ دیگر نام رواج پا گئے ہیں۔

زندگی کے شروع و آخر میں اوم کا بدھان

حوالہ جات مذکورہ بالا سے صاف ظاہر ہے۔ کہ ہر ایک منتر اور ہر ایک کام کے اول و آخر میں اوم کا پڑھنا ضروری ہے۔ اتنا ہی نہیں بلکہ اس زندگی کے آغاز و انجام میں بھی اوم کا ہی بدھان ہے دیکھو جب بچہ پیدا ہوتا ہے۔ تب اس کی نال وغیرہ کاٹنے کی

ابتدائی کارروائی کے بعد گھی اور شہد دونوں برابر ملاکر سونے کی سلائی سے بچہ کی زبان پر آوم کے لکھنے کی ہدایت ہے۔ (دیکھو سنسکار ودھی جات کرم سنسکار) گویا پیدا ہوتے ہی بچہ کو آوم شبد سُنایا جاتا ہے۔ اور یہی زندگی کی ابتدا ہے۔ مرنے کے وقت بھی آوم شبد کے اوچارن کی ودھی پائی جاتی ہے۔ جیسا کہ :-

"اے کرم کرنیوالے انسان! تُو مرنے کے وقت آوم نام پرمیشور کا دھیان کر۔ اپنی سامرتھ (طاقت) کے لئے پرماتما اور اپنے سروپ کا دھیان کر اپنے کئے کو یاد کر۔ اے جیو! ۔ پھر تُو یہ وچار کر کہ میرا لنگ شریر۔ امرت سروپ۔ سوتر آتما برہم کو پراپت (فایز) ہو۔ یہ جسم آگ میں جلکر بھسم ہوجائے" ۱

پرشن اوپنشد میں ستیہ کام ایک کمار (نوجوان) نے پپلاد مہرشی سے یہ سوال کیا ہے کہ ہے بھگون! مرتے وقت جو شخص اونکار کا دھیان کرتا ہے۔ وہ کس لوک (حالت) کو پراپت (فایز) ہوتا ہے۔ اس سوال کا جواب کئی طرح پر دیتے ہوئے مہرشی خاتمہ پر فرماتے ہیں :-

"اونکار کے وسیلہ سے وہ عالم اُسکو (پرماتما کو) پاتا ہے۔ جو شانت

---

۱ वायुरनिलममृतमथेदं भस्मान्तं शरीरम्।
ओ३म् क्रतो स्मर क्लिबे स्मर कृतं स्मर। यजु॥

اَجر۔ اَمر۔ اَبھے اور حواس کی رسائی سے پرے ہے۔ یعنی جو کوئی اوم کا دھیان کرتے ہوئے پران تیاگتا ہے وہ ساکشات برمھ آنند (راحت وصال حق) کو پراپت (فائز) ہوتا ہے۔

سری کرشن جی نے بھی ایسا ہی کہا ہے کہ :۔

"جو کوئی وصال حق کا خواہشمند اونکار اکشر کا اوچارن کرتا ہُوا۔ اور جس کا یہ ذاتی نام ہے اُس برمھ کا دھیان کرتا ہُوا اس دُنیا سے انتقال کرتا ہے۔ وہ پرم گتی (نجات) کو پراپت ہوتا ہے"۔ ؎١

اسی طرح اور بھی بہت سے حوالہ جات ہیں۔ جن سے زندگی کے شروع و آخر میں اونکار ہی کا بدہان پایا جاتا ہے۔ اس ودھی کی لطافت پر غور کرنا چاہیئے۔ کہ پرماتما ہی اس کائنات کا شروع کرنیوالا ہے۔ اور وہی اس کا ختم کرنیوالا ہے۔ اس دارِفانی کی ابتدا، و انتہا میں اُسی کی ذات کو بقا ہے۔ گو مادہ اور روح بھی غیر فانی ہیں۔ تاہم وہ پرماتما ہی کے سہارے رہتے ہیں۔ پس ترجیح اسی کو حاصل ہے۔ لہٰذا ہر ایک عمل نیک کے شروع و آخر میں فقط وہی یاد رکھنے کے قابل ہے۔ شاستر کا ایک قاعدہ ہے کہ آغاز و انجام ایک ہی ہونا چاہیئے۔ اس سبب سے

---

١ ओमित्येकाक्षरं ब्रह्म व्याहरन् मामनुस्मरन्।
यः प्रयाति त्यजन् देहं स याति परमां गतिम्॥

وید کا بھی اوّل و آخر ایک ہی مقصود ہے۔ چنانچہ ہر ایک منتر کے شروع و آخر میں اوم کا بدہان ہے۔

یوگ شاستر اور اوم } یوگی لوگ تتودیتا (حقیقت شناس، ہوتے ہیں۔ اِس لئے اُن کے اقوال ہمیشہ مستند اور قابل تعظیم و تکریم ہوتے ہیں۔ یوگی راج پتنجلی اپنے یوگ شاستر میں لکھتے ہیں۔ "کہ اُس (ایشور) کا واچک (مبین) پرنو (اونکار) ہے[1]۔ مطلب یہ ہے کہ ہر شئے کا کوئی نام ہوتا ہے۔ اسی طرح ایشور کا بھی کوئی نام ضرور ہونا چاہیئے۔ سو وہ نام اوم ہی ہے۔ اسی طرح یوگی یاگولک نے کہا ہے۔ کہ "جو برمحہ نظر نہیں آتا۔ اور حواس کے ذریعہ سے محسوس نہیں ہوتا۔ جس کی ہستی ثابت ہے۔ بذریعہ مَن پہچانا جاتا ہے۔ اُس کا اونکار نام ہے اِس نام سے آہوتی دینے پر وہ پرسّن ہوتا ہے"[2]۔ پھر مہرشی پتنجلی فرماتے ہیں۔ کہ "اُس ایہ نویا؛ اوم) کا جپ (ورد) اور اس کے معنی پہ غور کرنا چاہیئے"[3]۔ معنی سمجھے بغیر جپ کرنا بیکار ہے

---

[1] तस्य वाचकः प्रणवः। योगसू० १।२६॥

[2] अदृष्ट विग्रहो देवो भावग्राह्यो मनोमयः।
तस्योङ्कारः स्मृतो नाम तेनाऽऽहूतः प्रसीदति।

[3] तज्जपस्तदर्थभावनम्। योगसू० १।२८॥

اِس وجہ سے لفظ اوم کے جتنے معنی ہیں۔ اُن کے مفہوم پر غور کرتا ہُوا ایشور کی عظمت کا اپنے دل میں تصوّر کرے۔ یوگیوں کا چت اِس پرنو (اوم) کو جپنے اور پرنو کے معنی یعنے ایشور کا دھیان یا تصوّر کرنے سے یکسو اور قایم ہوجاتا ہے۔ چنانچہ کہا ہے۔کہ "وید کو پڑھتے یا اوم کا جپ کرتے ہوئے یوگ میں مشغول ہووے۔ اور یوگ یا سمادھی (مراقبہ) کی حالت میں اوم کا دھیان کرے۔ اِس جپ اور یوگ کے ذریعہ سے پرماتما کا گیان ہوجاتا ہے"۔

[ویاس جی کی شرح سوتر مذکور پر]

اِس سے ثابت ہُوا کہ فقط اوم ایشور گیان کا سادھن نہیں اِس کے ساتھ وید کا پڑھنا بھی ضروری ہے۔ جو سادھک (عامل) وید اور شاستروں کے شرون۔ منن۔ ندھیاسن وغیرہ کے بغیر اور اوم کے اصلی منشا کو نہ سمجھ کر فقط لفظ اوم کے جپ میں ہی مصروف ہیں وہ ہرگز اُس کے پھل کو نہ پائینگے۔ اِس لئے متلاشیانِ حق کو واجب ہے۔کہ وے پہلے ویدوں کے ذریعہ سے ایشور کی عظمت کو جاننے کے لئے محنت شاقہ کریں۔ اس کے بعد اگر وہ لفظ اوم کا ودھی پُوروک جپ کرینگے۔ تو بلاشُبہ اُس کا پھل پائیں گے۔ یہی رائے مہرشی پتنجلی کی ہے۔ چنانچہ وہ فرماتے ہیں کہ "اس (اوم کے جپ اور بھاونا) سے پرمیشور کا گیان ہوتا ہے۔ اور تمام خلل دُور ہوجاتے ہیں" سا۔ہ

"جس قدر جسمانی و روحانی بیماریاں یا دیگر خلل ہیں - وہ سب ایشور کا دھیان کرنے سے جاتے رہتے ہیں - اور ایشور کے سروپ (ماہیت) کا بھی علم (درشن) ہوتا ہے - مثلاً (یہ علم ہو جاتا ہے کہ) ایشور محیط کل پاک و بے لوث جہالت وغیرہ کلفتوں سے آزاد بے عدیل مرنے اور جینے سے مبرّا ہے اور اُس محیط کل ایشور کو عقل ہی سے جان سکتے ہیں - الغرض یوگی لوگ ہی اُس ایشور کو جان سکتے ہیں" [۱]

[ویاس جی کی شرح سوتر مذکور پر]

اب آگے یہ بیان کرتے ہیں کہ چت (طبعیت) کو پریشان کرنے والے خلل کون سے ہیں - اُن کے نام کیا ہیں - اور وہ کون سے ہیں :-
ویادھی [۱] - ستیان [۲] - سنشے [۳] - پرمادہ [۴] - آلسیہ [۵] - اَورت [۶] - بھرانت درشن [۷] - البدھ بھومکتو [۸] - انوستھتو [۹] - یہ نو چت (طبعیت) کے پریشان کرنیوالے اور یوگ میں خلل ڈالنے والے ہیں" [۲]

---

[۱] ततः प्रत्यक् चेतनाधिगमोऽप्यन्तरायाऽभावश्च

[۲] व्याधिस्त्यानसंशयप्रमादाऽऽलस्याविरतिभ्रान्तिदर्शनाऽलब्धभूमिकत्वाऽनवस्थितत्वानि चित्तविक्षेपास्तेऽन्तरायाः ॥ योग सूत्र १।३०॥

اب ہم ان میں سے ہر ایک کی تشریح کرتے ہیں :-

(۱) ویادھی (مرض) جسم کی دھاتو (خلط) اور رس (خون) کے بگاڑ یا خلل کو کہتے ہیں۔

(۲) ستیان۔ چت (طبیعت) کے بدخیالات میں مُبتلا ہوتے یا بُرے کاموں میں پھنسنے کو کہتے ہیں ؛

(۳) سنشے (شک)۔ دودلی حالت یا دو پہلوؤں کو چھونے والے علم کو کہتے ہیں۔ مثلاً ایسا علم کہ شاید اس طرح ہو اور شاید اس طرح نہ ہو۔

(۴) پرماد (غفلت) سمادھی یعنے یوگ کی تدبیر نہ کرنے کو کہتے ہیں ؛

(۵) آلسیہ (کاہل وجودی)۔ جسم اور طبیعت کے بھاری پن کی وجہ سے کام میں جی نہ لگنے کو کہتے ہیں۔

(۶) آورت۔ اُس حالت کو کہتے ہیں۔ جس میں چت (طبیعت) وشے (حظ نفس) میں پڑکر آتما کو دُنیا کے دام محبّت میں پھنسا دیتا ہے ؛

(۷) بھرانت درشن۔ اُلٹے یا جھوٹے علم کو کہتے ہیں۔

(۸) البدھ بھومکتو۔ سمادھی (مراقبہ) کی بھومی (درجہ یا حالت) کے حاصل نہ ہونے کو کہتے ہیں۔

(۹) انوستھتتو۔ اُسے کہتے ہیں۔ کہ جس میں چت یوگ کی بھومی (درجہ مُراقبہ) کو پہنچ کر اس حالت میں قائم نہیں ہوتا۔ سمادھی

(مراقبہ) کی حالت میں قایم ہونے سے ہی چت قایم ہو سکتا ہے۔

یہ نو چت (طبیعت) کے وکشیپ (پریشانی) یوگ کے مل (مارج) اور انترایہ (خلل) کہلاتے ہیں۔ اِن نو وکشیپوں (پریشانی) کے ساتھ دُکھ۔ دورمنیہ۔ انگم اے جیتو۔ شواس اور پرشواس پیدا ہوتے ہیں۔

(۱) دُکھ تین قسم کے ہوتے ہیں۔ آدھیاتمک (جسمانی تکلیف)، ادھی بھوتک (وہ تکلیف جو دوسرے جانداروں سے پہنچے)، آدھی دیوک (دل وحواس کی بیقراری یا ناگہانی آفت) اِن دُکھوں سے تنگ ہوکر جاندار اِن کے دور کرنے کی تدبیر اور کوشش کرتے ہیں۔

(۲) دورمنسیہ۔ اُس پریشانی یا سراسیمگی کو کہتے ہیں۔ جو خواہش یا مُراد کے پورا نہ ہونے سے پیدا ہوتی ہے۔

(۳) انگم اے جیتو۔ جسم کی لرزش یا رعشہ کو کہتے ہیں

(۴-۵) جب پران باہر کی ہوا کو اندر کھینچتا ہے۔ اُس کو شواس (سانس) کہتے ہیں۔ اور جب اندر کی ہوا باہر کو نکالتا ہے اُسکو پرشواس کہتے ہیں۔

یہ پانچوں وکشیپ کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں یعنی جب کا چت (طبیعت) پریشان ہوتا ہے یہ اُسی پر اثر کرتے ہیں۔ اور جس کا چت یکسو ہوتا ہے۔ اُس پر اثر نہیں کر سکتے۔ یہ سب یوگ کے دشمن ہیں ان سب کو ویراگ (دل کو بدی سے ہٹا کر نیکی

کی طرف لگانے) اور ابھیاس سے روکنا چاہیئے۔ اس طرح اونکار کے جپ اور اُپاستا کے فواید بیان کرتے ہوئے وگھنوں (خللوں) کے دُور کرنے کے لئے ابھیاس کی تعریف میں پھر اُسی اونکار کا اُپدیش کرتے ہیں کہ "اُن کے دور کرنے کے لئے ایک ذات واحد اوم کا ابھیاس (مشق) کرے"[1]۔ اس طرح مہرشی **پتنجلی** نے اوم کی مہما ورنن کرتے ہوئے اس کے جپ اور اپاستا سے تمام خللوں کا دور ہونا بتلایا ہے۔ شاستروں میں کسی اور نام کی اس قدر تعریف نہیں کی گئی۔ پس کوئی شُبہ نہیں کہ اوم نام کی بزرگی کی کوئی حد و انتہا نہیں۔

نام اور نامی } ہم پہلے کہہ چکے ہیں کہ اوم کے محض جپ اور کیرتن کرتے یا پڑھنے سے ہی کچھ فایدہ نہیں۔ اکثر لوگ یہ کہتے ہیں۔ کہ جب یہ برہم کا پاک نام ہے۔ تو اس کے جپ وغیرہ کا پھل کیوں نہ ہوگا۔ سُنو! لفظ کا جتنا مطلب ہے۔ اور اُس میں جس قدر طاقت ہے۔ اُس سے اُتنا ہی کام ہو سکتا ہے۔ اگر کوئی شخص فقط پانی پانی کا جپ (ورد) کرتا رہے۔ تو اُس کے جپ سے اُس کی پیاس نہیں بجھے گی۔ آگ آگ کے کہنے سے کوئی جل نہیں جاتا۔ شکر شکر کہنے سے کسی کا مُنہ میٹھا نہیں ہوتا۔ اس سے یہ ثابت ہُوا

---

[1] तत्प्रतिषेधार्थमेकतत्त्वाभ्यासः (योगसू० १।३२।।

کہ دُنیوی کاروبار کے انجام دینے کے لئے ہرایک شے کا ایک نام رکھ لیا جاتا ہے۔ اگر نام نہ رکھا جائے۔ تو مہذب سوسائیٹی میں کاروبار نہیں چل سکتا۔ مگر اقوام وحشی اور جانوروں میں بغیر نام کے بھی سب کام ہوجاتے ہیں۔ جب بھُوک لگی تو کسی جانور کو مار کر یا کوئی اور چیز کھا لی۔ پیاس لگی تو جہاں پانی مِلا وہاں سے پی لیا۔ اِس طرح نام کے بغیر اُن کا کوئی ہرج نہیں ہوتا۔ مگر مہذّب سوسائیٹی میں نام کی بڑی سخت ضرورت ہے۔ لیکن خوب یاد رکھو کہ نامی سے بڑھ کر نام کسی طرح نہیں ہوسکتا۔ فرض کرو کہ تم ہڑ کو جانتے ہو۔ اور اُس کے خواص بھی تم کو معلوم ہیں۔ مگر ہڑ کو تُم نے دیکھا کبھی نہیں ہے۔ ایسی حالت میں ہڑ تمہارے سامنے رکھی ہوئی بھی تمہارے کچھ کام نہ آئیگی۔ اِس نظر سے کسی شے کی شناخت پہلے ضرور ہونی چاہیئے مگر نام اور شناخت ہونے پر بھی اُس شے کے خواص نہ جاننے سے انسان فایدہ نہیں اُٹھا سکتا۔ دیکھو اسی بھارت ورش میں لوگ ٹکاؤں پہاڑوں وغیرہ کے نام جانتے ہیں اور اُن کو پہچانتے بھی ہیں۔ مگر اُن کی صفات کی لاعلمی سے اُن سے اِس قدر فایدہ نہیں اُٹھا سکتے۔ جس قدر مغربی عالم لوگ اُٹھا رہے ہیں۔ زمین کے اندر سے کتنی کانیں کوئلہ کی نکالی گئیں مٹی کے کیسے کیسے مضبوط ظروف بناتے ہیں۔ پہاڑوں سے کتنی دھاتیں نکالیں۔ بجلی کو لوگ پہلے بھی جانتے تھے۔ مگر مغربی سائنسدانوں

نے اِس سے کیسا عجیب و غریب کام لیا۔ آگ اور پانی کو سب
جانتے تھے مگر ریل نہیں چلا سکے۔ اِن تمثیلوں سے ظاہر ہوتا
ہے۔ کہ ہر شے کے خواص جاننے کی بڑی ضرورت ہے۔ بچوں
کو پورا امرکوش اور اشٹادھیائی حفظ کرائی جاتی ہے۔ اگر اُن
کے سامنے چاندنی کا پھول رکھ دیا جائے۔ تو وہ نہیں کہہ سکتے
کہ یہ گُلِ چاندنی ہے۔ جو ایک لفظ کی بھی ترکیب بیان نہیں کر
سکتا۔ وہ علم صرف و نحو کا عالم نہیں کہلا سکتا۔ دیکھو چھوٹے
بچّہ کو اس کے روبرو سانپ کو رکھ دو وہ اُسے ہاتھ سے پکڑ لیگا
زہر دیدو وہ اُٹھاکر مُنہ میں رکھ لیگا۔ آگ کو ہاتھ سے چھوئیگا۔
کیوں؟ اِس لئے کہ وہ ان اشیاء کے خواص سے ناواقف
ہے۔ اِس وجہ سے وہ کسی شے سے نہیں ڈرتا۔ اس سے
یہ ثابت ہوتا ہے۔ کہ اشیاء کے خواص کے علم سے ہی انسان
فایدہ اُٹھا سکتا ہے۔ محض نام سے کچھ نہیں ہو سکتا۔ دیکھو ایک
ہی شے کے نام مختلف مُلکوں کی زبانوں میں صدہا ہیں۔ مگر
خواص اُس کے سب کے نزدیک یکساں ہیں۔ اگر وہ چیز ایک
ہی قسم کی زمین میں پیدا ہو تو اُس کے خواص میں فرق نہیں
آسکتا۔ مگر اُس کے نام بہت ہیں۔ اِس سے ظاہر ہُوا کہ
نام فرضی ہوتے ہیں۔ مگر خواص خلقی ہُوا کرتے ہیں۔ ہم ایک
شے کا نام بدل سکتے ہیں۔ مگر ٹھیک اُسی چیز کا خاصہ نہیں
بدل سکتے۔ اس لحاظ سے خاصہ مقدم ہے نام نہیں۔ لہٰذا

کارروائی کے لئے نام جان کر اُس کے خواص کو تحقیق کرنا چاہیئے
اگر تم بیل کا نام جانتے ہو۔ مگر بیل سے کیا کام لینا چاہیئے
اس کو نہیں جانتے تو نام کا جاننا بالکل فضول ہوگا۔ اسی
طرح اوم نام تو تم نے جان لیا۔ مگر اوم جس کا نام ہے۔ وہ
کیسا ہے۔ کہاں رہتا ہے۔ اُس سے کیا کام لینا چاہیئے۔ وہ
کیا کرتا ہے۔ کیوں اُس کا نام لیں۔ وغیرہ وغیرہ باتیں نہیں
جانتے ہو تو اس نام کے رٹنے سے کیا فایدہ ہوگا۔ دوا کے
نام سے کسی کا ازالہ مرض نہیں ہوتا۔ مگر اُس کے استعمال سے
ہوتا ہے۔ اسیطرح اوم جس کا نام ہے اُس کا اپنے دل میں
دھیان کرو۔ اُسے پہچانو۔ وہ کس بات سے خوش ہوتا ہے۔ اس
قسم کی باتوں پر غور کرو۔ جبکہ تم اپنے باپ یا اُستاد کو خوش
رکھنا چاہتے ہو۔ تو اُن کے حکم کی تعمیل ضروری ہے۔ اگر فقط
تم اُن کے نام کو ہی جپتے رہو۔ اور اُن کے احکام کی تعمیل
نہ کرو۔ تو ایسی حالت میں تمہارے باپ اور اُستاد کبھی تم
سے خوش نہ ہونگے۔ تمہارے باپ کی خواہش ہے کہ تم علم کی
تحصیل کامل طور پر کرو۔ سچ بولو۔ نیک چلن بنو۔ دغا و فریب
سے پرہیز کرو۔ بزرگوں کی تعظیم کرو۔ دُنیا میں نیکنامی پیدا
کرو۔ مگر تم اِن باتوں میں سے ایک بھی نہیں کرتے۔ فقط
والد بزرگوار کے نام کو بڑی محبت سے وظیفہ بنا کر پڑھتے رہو
اس کے ساتھ ساتھ اُن کی تعلیم و نصیحت کے برخلاف سب

کام کرتے رہو۔ تو کیا ایسی حالت میں وہ تم سے کبھی خوش ہونگے؟ بیشک وہ تم سے ناراض رہینگے۔ اسی طرح ایشور کے حکم کے مطابق کُل کام کرنے سے وہ خوش ہوگا۔ صرف نام کے لینے سے نہیں۔ اُس کے احکام وید میں مندرج ہیں اُن کے مطابق عمل کرو۔ اگر تم اُس کے احکام کی پوری پوری تعمیل کرو گے تو ہمیشہ بیخوف رہو گے۔ جیسا کہ چھاندو گیہ اُپ نشد کا ارشاد ہے۔ کہ :-

"کامل توفیق اور گیان سے جو عمل کیا جاتا ہے۔ وہی زیادہ نتیجہ بخش ہوتا ہے" لے

وید میں ایشور کا ایسا کوئی بھی حکم نہیں پایا جاتا۔ جس میں فقط نام کے رٹنے کی ہدایت ہو۔ اِس لئے نام رٹنے کا دستور ہمیشہ واجب الترک ہے۔ اور فقط نام ہی کی بدولت اجامل وغیرہ بڑے بڑے گنہگاروں کو نجات حاصل ہونے کی جو کہانی ہے۔ وہ وید و شاستر کے خلاف ہونے سے ناقابل اعتماد ہے۔ جب سے وید کی تعلیم دُنیا سے اُٹھ گئی۔ اُسی زمانہ سے نام رٹنے کی عبادت رائج ہوئی ہے۔ اِس سے مُلک کا بہت بڑا نقصان ہُوا۔ علم جاتا رہا۔ اور قوت تحقیقات بالکل معدوم ہوگئی۔ ایشور کی

لے यदेव विद्यया करोति श्रद्धयोपनिषदा। तदेव वीर्यवत्तरं भवति छां० ३० १।१।१०॥

صفات کو بھی بھول گئے۔ درحقیقت غور کرو تو بھارت ورش نے ایشور کو چھوڑا اور جاہل مطلق ہوگیا۔ اِس لئے نام کے رٹنے کا دستور موقوف کر کے ایشور کی صفات کی جانب انسانوں کو لے چلو۔ اسی میں سب انسانوں کی بھلائی ہے۔ محض نام کے جپنے والے اگیانی ہوتے ہیں۔ اُن کو سمجھانا چاہیئے۔ دیکھو مہرشی پتنجلی جی کیا کہتے ہیں :-

"اُس (پرنو یا اوم) کا جپ (ورد) اور اُس کے معنے پر غور کرنا چاہیئے" [۱]

اونکار کے معنی کیا ہیں ؟ اونکار کے معنی وہی ہیں۔ جو برھم کی صفات ہیں۔ مگر برھم کی صفات کیا اور کس قدر ہیں۔ اسکا جواب وید و شاستر ہیں۔ پس برھم کی صفات جاننے کے لئے اوّل تم پرکرتی کا مطالعہ کرو۔ اُس کی صنعت و حکمت کا اُس پرکرتی میں مشاہدہ کرو۔ اور وچار کرو کہ وہ کن کن صفات سے موصوف ہوسکتا ہے۔ اُس کے بعد اُسکو ساکشات کار (علم حق الیقین) کرو۔ کسی اور طرح پر اُس کا جپ کرنا محض بیکار ہے۔ پتنجلی نے اِس سوتر میں صاف کہہ دیا ہے کہ اوم کے معنی کا وچار کرو۔ کُتب قدیم میں ایک سند بھی اِس بات کی نہ ملیگی کہ فقط نام رٹا جائے۔ ہاں نئے گرنتھ جس قدر ہیں۔ اُن میں تو اثبات

[۱] तज्जपस्तदर्थभावनम्। योगसू० १।२८॥

کا بڑا مہاتم بیان کیا گیا ہے - مگر وہ سب وید کے خلاف ہیں
اور قدیم رشیوں کی تصنیف نہیں ہیں - اسوجہ سے قابل تسلیم
نہیں - اگر اجامل وغیرہ کی کتھا سچ ہو - تو ایشور ظالم - خود غرض -
قاتل رعایا - قانون شکن وغیرہ معمولی انسان کی مانند ٹھیریگا -
کیونکہ اگر اجامل چور تھا اور اُس کو ایشور نے سزا نہ دی - تو
جس کی دولت لوٹی گئی - اُس پر صریح ظلم کیا گیا - اور ایشور
نے اپنی سلطنت میں چوری کو ترقی دی یعنے چوروں کی مدد
کی - اِس صورت میں ایشور فقط ظالم ہی نہیں بلکہ رعایا کُش
اعمال بد کا رواج دینے والا وغیرہ بھی ٹھیریگا - اور اُس کا
فرمان ہے کہ چور کو سزا دو - زانی کو ڈنڈ دو - وغیرہ - اگر اجامل
وغیرہ کو باوجود اُن کے گناہوں کے بھی کچھ سزا نہ ملی تو ایشور
نے ایک عام خود غرض بادشاہ کی مانند اپنے قانون کو منسوخ
کر دیا - پھر جس طرح خوشامدی انسان فقط اپنی تعریف کی غرض
سے سب کو خوش رکھنا چاہتا ہے - اور جو اُس کی تعریف
کرے - اُس کے عیوب کو نہ دیکھ کر اُس سے راضی رہتا
ہے اور اگر اِس سے کسی نے یہ کہہ دیا کہ وہ تو ہمیشہ آپ
کا نام جپا کرتا ہے - اتنا سُن کر وہ فوراً اُسپر مہربان ہوجاوے
مگر یہ نہ دیکھے کہ وہ کیسا مفسد کیسا مجرم کیسا گنہگار ہے - اسی
طرح ایشور بھی اُس کے پاپ پُن پر نظر نہ کرکے فوراً اجامل
وغیرہ کو اپنی پناہ میں لے لے - ایسا کبھی نہیں ہو سکتا -

کیونکہ وہ عادل ہے۔ اُس میں نام کو بھی طرفداری نہیں۔ وہ
اپنے احکام کی تنسیخ ہرگز نہیں کر سکتا۔ پس اجامل وغیرہ
کی کتھا بالکل وید کے خلاف ہونے سے قابل ترک ہے۔

تحریر متذکرہ صدر سے ثابت ہے کہ برمھ کا خاص نام
اوم ہے۔ اور کوئی نہیں۔ لہذا صبح و شام اسی نام
کے ذریعہ سے ایشور کی مہما کا وچار کرتے ہوئے اُس کے
احکام کو یاد کر کے گناہوں سے بچتے رہنا چاہیئے۔ اکثر
آدمی اس پاک نام اوم کو چھوڑ کر دوسرے نام رلیا
کرتے ہیں۔ یہہ ٹھیک نہیں اوم نام ہی معہ معنی جپ کے
قابل ہے ؏

علم زبان کے لاثانی عالم مہرشی پانینی مصنف اشٹا دھیائی
نے لفظ اوم کو مصدر अव (او) سے مشتق مانا ہے
اور مصدر اَو کے محافظت وغیرہ بہت سے معنی ہیں۔
مہرشی منو بتلاتے ہیں کہ म ، उ - अ ان تین
حروف سے لفظ اوم بنا ہے۔ یہی سدّھانت اکثر اُپنشدوں
کا بھی ہے۔ گوپتھ برہمن میں اوم کا مخرج مصدر آپ اور
اَپلری دونوں سے بیان کیا گیا ہے۔ مانڈوکیہ اُپ نشد میں
اوم کو ان دو مصدروں اور ایک اُپسرگ سے مشتق
مانا گیا ہے۔ اپ (अप) سے آ (आ) ، اُت (उत)
اُپسرگ سے او (उ) ، لا اور ما (मा) یا (मि)

تی ۔ مصدر سے مکار (म) لیکر اوم کی بناوٹ مانی گئی
ہے ۔ اونکار شبد میں اکار پہلی ماترا ہے ۔ جو اپ (अप)
مصدر سے ہے ۔ دوسری ماترا (उकार) اُکار ہے
جو لفظ اُت (उत) کے اُکار سے ہے ۔ تیسری ماترا
مکار (मकार) ہے جو ما (मा) مصدر سے
بنا ہے ۔ اِس طرح لفظ اوم کے اشتقاق میں جو بظاہر
اختلاف معلوم ہوتا ہے ۔ درحقیقت ایسا نہیں ہے ۔ پانینی
نے یہ کہیں نہیں کہا کہ صرف اَو (अव) دھاتو سے ہی
اونکار مشتق ہے ۔ اُن کے ہی مسلمہ قواعد صرف و نحو سے
اونکار شبد اَو (आप) و اَپ (अव) وغیرہ سب
مصدروں سے مشتق ہو سکتا ہے ۔ منتر وغیرہ آپاریوں نے
جو अ + उ + म اِن تین حروف سے مرکب اوم شبد
کو مانا ہے ۔ اور کہا ہے ۔ کہ تینوں ویدوں میں سے یہ تین
حروف دوہے گئے ہیں ۔ اِسکا بھی مطلب کچھ مشکل نہیں ۔ میں کو
اوپر بتلا چکا ہوں ۔ کہ اکار ۔ اُوکار ۔ مکار علی الترتیب برہم جیو اتما
اور پرکرتی کے مظہر ہیں ۔ رشیوں نے ویدوں میں تینوں
روپ سے ان ہی تین پدارتھوں کو پایا ۔ پرتھوی (ارضیت)
جل (مائیت) تیج (ناریت) وایو (بادیت) وغیرہ پرکرتی کی ہی
بھبوتیاں (مظہرات) ہیں ۔ چیتن (ذی شعور) جیو (روح) ہے
پرماتما کا نشان الگ ہے ۔ یہی تین قائم بالذات ہستیاں

ہیں۔ اِن کے سوائے اور کوئی واجب الوجود ہستی نہیں۔ اسی
لئے کہا گیا ہے۔ کہ تین ویدوں سے تین شبد (اکار۔ اکار۔
مکار) دوہے گئے ہیں۔ یعنی ویدوں میں قطعی صداقتیں یا
علت ہائے اولین۔ انہیں تین ہستیوں (ایشور۔ جیو۔ پرکرتی) کو
مانا گیا ہے۔ تمام کائنات کا ظہور انہیں تین واجب الوجود
ہستیوں سے ہے۔ یہاں ہم آپ سے ایک راز کی بات کہہ
کر اِس باب کو ختم کرنا چاہتے ہیں۔ ۳ کے ہندسہ کو کسی ہندسہ
سے ضرب دو۔ جو حاصل ضرب ہو۔ ان ہندسوں کو باہم جمع
کرو۔ جس قدر تعداد جمع کی ہوگی وہ بالضرور تین کے عدد پہ
تقسیم ہوجائیگی۔ باقی کچھ نہ رہیگا۔ مثلاً تین کو چار میں ضرب
دینے سے ۱۲ ہونگے۔ ۱۲ میں ۱۔ اور ۲ کا عدد ہے۔ جو
جمع کرنے سے تین ہوتے ہیں۔ اِس طرح تم کسی عدد کو
تین سے ضرب دو اور حاصل ضرب میں جو اعداد آئیں اُن
کو باہم جوڑو۔ وہ تین پر تقسیم ہوجائیں گے۔ اِس سے یہ
ثابت ہوتا ہے کہ دُنیا میں قطعی صداقتیں یا علت ہائے
اولین تین ہی ہیں۔ اسی لئے ویدوں میں ۳۳۔ ۹۹ و
۳۳۳ وغیرہ شمار کا ذکر برابر آتا ہے۔ یہ سب تین کا ہی
ظہور ہے۔ یعنی تین کے ہی حاصل ضرب ۱ و ۳۳ وغیرہ ہیں
ہندسے تو ہیں اور دسواں صفر ہے۔ انہیں پر تمام علم
حساب کی بنیاد ہے۔ یہ ایک رمز ہے۔ تین پدارتھوں کے

علاوہ اور کوئی شے نہیں۔ طوالت کے اندیشہ سے ہم اس بارہ میں زیادہ لکھنا نہیں چاہتے۔ ہم جس قدر بیان کر چکے ہیں اُس پر غور کرنے سے ہی اوم کی حقیقت و ماہیت بہت کچھ ظاہر ہوجائیگی۔

جملہ مذاہب میں لفظ اوم کا وجود

آپ لوگوں کو یہ بھی معلوم ہونا چاہیئے۔ کہ دُنیا کے جتنے مشہور مذاہب ہیں۔ وہ سب کسی نہ کسی شکل میں لفظ اوم کا استعمال کرتے ہیں۔ مسلمان و عیسائی اپنی مناجات کے آخیر میں "آمین" جو انگریزی میں (Amen) لکھا جاتا ہے۔ کہا کرتے ہیں۔ اگر اُن لوگوں سے پُوچھا جائے۔ کہ یہ لفظ آپ کے یہاں کہاں سے آیا۔ تو اُس کا جواب نہیں دے سکتے کیونکہ وہ لوگ اِس لفظ کی اصلیت کو بھُول گئے۔ تاریخ سے پتہ لگتا ہے۔ کہ جب آریہ لوگ ایک مُلک سے جُدا ہوکر مختلف ممالک میں آباد ہُوئے۔ اُس وقت سب کا ایک ویدک دھرم تھا۔ رفتہ رفتہ بہت کچھ تبدیلی ہوتی گئی۔ اُسوقت وہ آریہ لوگ اپنے ساتھ لفظ اوم کو لے گئے۔ یہ تو آپ کو معلوم ہی ہے کہ ایک ہی مُلک میں ایک لفظ کا تلفظ مختلف ہوجاتا ہے۔ پھر اُس زبان کے درس و تدریس کے موقوف ہونے سے بڑا تفاوت ہوتا ہے۔ اِس قاعدہ کے مطابق اوم کا

تلفظ آمین - امین ہوگیا - لیکن یہ سب الفاظ لفظ اوم کے ہی بگاڑ ہیں - اسی سبب سے شروع میں لفظ اوم کا کہنا یہ لوگ بھول گئے - اسی طرح ہرایک مذہب میں لفظ اوم کا استعمال دیکھے گئے -

بائبل قرآن وغیرہ کتابوں کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے - کہ جس زمانہ میں یہ کتابیں تصنیف کی گئیں - اسوقت بھی اُن کے مصنف لفظ اوم کی افضلیت سے آگاہ تھے - خاص آریہ ورت کے رہنے والے لوگ اس نام کی بزرگی کو بہت سا زمانہ گذر جانے پر بھی مانتے رہے اور اُس کا تلفظ بھی نہیں بھولے - مگر نوع انسانی کی دیگر شاخیں جو آریہ لوگوں سے جدا ہوکر دوسرے ملکوں میں جا بسیں - اُنہوں نے ایک مدت دراز کے گذر جانے کے بعد پرماتما کے اِس نہایت مقدس و خاص نام کا تغیر تبدل کر کے کچھ کا کچھ بنا لیا - اِس پر بھی اُن کے یہاں پرماتما کے جو خاص خاص نام ہیں اُن کی بناوٹ میں اِس اوم کے حروف مستعمل ہورہے ہیں - قرآن میں الم یا الف - لام - میم - یہ تین حروف پوشیدہ راز کے مخبر اور خدا کے نام کے ظاہر کرنے والے مانے جاتے ہیں - قرآن کی اُس تفسیر میں جس کا نام "اکسیر اعظم" ہے الف لام میم اِن تین حرفوں کی تشریح بہت شرح و بسط کے ساتھ کی گئی ہے - اِس

مختصر میں گنجایش نہ ہونے سے ہم اس بارہ میں کچھ نہیں لکھ سکتے۔ اس میں دیگر معانی کے علاوہ کئی ایک مفسرین نے الف سے اللہ۔ لام سے لطف اور میم سے مجید مراد رکھی ہے۔ یعنی خدا بزرگ و رحیم و برکت والا ہے۔ ایک عالم نے اس کے یہ معنی لکھے ہیں "میں خدا ہوں بڑا صاحب دانش" بعض کہتے ہیں۔ کہ الف حلق کے نچلے حصہ سے اور لام مقام درمیانی یعنی تالو اور میم ہونٹوں کے مقام سے متعلق ہونے کے باعث ان حروف کے یہ معنے ہوئے کہ خدا ہی اول و آخر و درمیان ہے۔ یا تمام حرکات و سکنات کے شروع و آخر و بیچ میں اُسی کا نام لینا واجب ہے۔ غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ محمد صاحب کے زمانہ میں جو ہندوستان کے رہنے والے بتقریب تجارت ملک عرب میں جایا کرتے تھے۔ اُن کے ذریعہ لفظ اوم کا رواج عرب میں بھی ہوگیا تھا۔ یہ ظاہر ہے۔ کہ ان حروف میں الف و میم تو وہی حروف ہیں جو زبان سنسکرت میں अ ۔ म ہیں اور لام سنسکرت کے اُو کی جگہ آیا ہے۔ ان اسرار کے چھپانے کی غرض سے لام کا اوکار کی جگہ استعمال کیا گیا ہے۔ مگر اس میں شک نہیں کہ جس وقت قرآن تصنیف ہوا تھا۔ اس زمانہ میں عرب کے لوگ ان حروف کے معنی و مطلب کو بخوبی سمجھتے تھے۔

اگر ایسا نہ ہوتا۔ تو اُسوقت کے لوگ ان کے اِس طرح پر عمل کرنے پر معترض ہوتے۔ مگر کسی نے اعتراض نہیں کیا جو لوگ تبت و چین و آریہ ورت کے شمالی جانب پہاڑوں میں رہتے ہیں۔ اور اُن مُلکوں کے مشہور مذہب بُدھ کے مقلد ہیں اُن کا بڑا مقدس و پاک منتر جس کو وہ روز جپتے ہیں یہہ ہے :-

ओं मनी पद्मे हूंम

اِس کے معنے یہ ہیں کہ ہردے کنول میں اوم رُوپی منی ہے" اِس میں صاف طور پر اوم موجود ہے۔ اس طرح پر تمام مذاہب میں لفظ اوم کا چرچا پایا جاتا ہے جس سے ثابت ہے کہ پرماتما کا یہ خاص نام ہے۔ اور یہی اسم اعظم ہے۔ سوائے اِس کے اور کوئی نہیں ॥

اوم شم

فہرست ٹریکٹس صیغہ آریہ پُستک پرچار

نام کتب	قیمت	نام کتب	قیمت
مسائل زندگی	/-	پرماتما کی سرودیاپکتا	/-
مہرشی دیانند کی تعلیم نمبر ۱	/-	قدیم آریہ ورت میں فنِ تحریر	/۰
" " نمبر ۲	/۱	بائیبل کو کس نے لکھا حصّہ اول	/۱
انسانی زندگی کا مقصد . .	/-	اخلاقی و روحانی صحت . . .	/-
موروثی برہمن اور بھوشیہ پوران	/-	بھوشیہ پوران میں عیسےٰ و محمد	/-
انسانی سوسائٹی کی بناوٹ	/-	مہورت پھل	/۰
تندرستی و خوشی کا اصلی مخزن	/-	قرآنی آئتوں کا شانِ نزول	/۰
توہر تہذیب	/-	کیا ایشور اوتار دھارن کرتا ہے؟	/-
نیا میں گناہ کہاں سے آیا؟	/-	یگیہ قربانی نہیں ہے	/=
ورج کی روشنی میں سات رنگ	/۰	دھن کا ڈواہ	/۰
بدھ جی کی نصائح دلپذیر . . .	/۰	روحانی زندگی کی حقیقتیں . .	/۰
جان کیلون کی سوانح عمری	/-	سوانح عمری سوامی ورجانند سرسوتی	/۱
ثبات رُوح	/۱	اونکار اُپاسنا	/۱
تحقیقی الہام کی پہچان . . .	/-	آریہ علم طب کی عظمت	/-
علم ہندسہ کا منبع وید ہے . .	/۱	کلیش نوارن	/-

نام کتب	قیمت
ویدک تثلیث	-/
فلسفۂ بیاہ و نیوگ	ا/
یسوع ناصری	ا/
گرہن مہاتم	-/
ٹروپلگرمز پروگرس انگریزی	ا/
ویدک دھرم کا مہتو ہندی . .	ا/
اوم ہی اسم اعظم ہے . . .	۲/
اونکار نرنے	۵/
جاتی نرنے	عہ/
رادھا سوامی مت درپن	۶/
آریہ سماج کا بول بالا المعروف بہ محمدی ڈھول کی پول	۴/
ویردھارنک چور	۲/
بھارت درپن نظم	۸/
کپتان ڈاکو	۴/
ماننڈوکیہ اُپنشد کا ترجمہ و تفسیر بزبان آریہ بھاشیہ از پنڈت گورودت جی ایم اے	۲/
اردو ستیارتھ پرکاش کا نیا ایڈیشن	عہ

نام کتب	قیمت
ترقی کی شاہراہ	٥
موکش مارگ	۱
وید پرچار ندھی	ا/
بیوٹیز آف ویدک دھرم انگریزی	۱
یم کا سادھن	٥
نیم کا سادھن	ا/
آریوں کے نت کرم ہندی	۱/۱
تری دیو نرنے	۱۲
شرادھ نرنے	۱۲
اثبات تناسخ	[illegible]
ملہمان وید و قرآن کی سوانح عمریوں کا مقابلہ	[illegible]
کلیان مارگ	[illegible]
پبلک سپرٹ انگریزی . .	[illegible]
ایڈورڈ تلک یاترا (آریہ بھاشا میں)	۱۰
چین میں تیرہ ماس (آریہ بھاشا)	۲عہ
روس جاپان (آریہ بھاشا)	عہ
روس جاپان حصہ دوم	[illegible]